اِلٰى يَوْمِيْ هٰذَا وَاِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ يَّحْفَظَنِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْمَا بَقِيَ قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى

جھوٹ سے محفوظ ہی رکھے گا کعب کہتے ہے کہ خدا تعالےٰ نے اللہ

تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ

تہربان ہوا نبی پر اور دس چھوڑ نبیوالوں پر اور مدد دینے والوں پر جنہوں نے پیروی اوسکی بیچہ وقت سختی کے

حَتّٰى بَلَغَ اَنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا حَتّٰى اِذَا ضَاقَتْ

یہانتک کہ پہنچے تعلق کرنیوالا مہربان تک اور اون تین شخص پر جنکو پیچھے رکھا تھا یہانتک کہ جب تنگ ہوئی اون پر

عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ حَتّٰى بَلَغَ اِتَّقُوا اللّٰهَ وَ

زمین ساتھ اسکے کہ کشادہ ہے اور تنگ ہوئی انپر اپنی جان یہانتک کہ پہنچے ڈرو اللہ سے

كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ قَالَ كَعْبٌ وَّاللّٰهِ مَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ نِّعْمَةٍ قَطُّ بَعْدَ اِذْ

اور ہوساتھ سچوں کے تمام اس حال میں نازل فرمائی ہے کعب کہتا ہے واللہ جس دن سے میں مسلمان ہوا

هَدَانِيَ اللّٰهُ لِلْاِسْلَامِ اَعْظَمَ فِيْ نَفْسِيْ مِنْ صِدْقِيْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہوں اس سچ سے بڑی کوئی نعمت مجھے اللہ تعالےٰ نے انعام نہیں فرمائی

وَسَلَّمَ اَنْ لَّا اَكُوْنَ كَذَبْتُهٗ فَاَهْلِكَ كَمَا هَلَكَ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ

کہ میں آپکے روبرو جھوٹ نہیں بولا کہ ہلاک ہو جاتا جیسے جھوٹ بولنے والے ہلاک ہوئی بیشک اللہ تعالےٰ نے

لِلَّذِيْنَ كَذَبُوْا حِيْنَ اَنْزَلَ الْوَحْيَ شَرَّ مَا قَالَ لِاَحَدٍ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى سَيَحْلِفُوْنَ

جھوٹ بولنے والوں کو قرآن میں ایسا برا کہا ہے کہ کسیکو نہ کہا ہوگا اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ جب تم

بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ اِنَّهُمْ رِجْسٌ وَّمَاْوٰهُمْ

وہانسے اونکے پاس جاؤ گے تو تمہارے روبرو اللہ کی قسمیں کہا جائینگے تاکہ تم اون سے اعراض کرجاؤ تمکو مناسب ہے کہ اونسے اعراض کرجاؤ

جَهَنَّمُ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنْ تَرْضَوْا

دوزخ ہے دن کا کمائی عوض جو انہوں نے کمائی ہیں تمہارے روبرو قسم کھا جائینگے تاکہ تم اونسے خوش ہو جاؤ اگر تم اونسے خوش بھی ہو گئے

عَنْهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ قَالَ كَعْبٌ كُنَّا خُلِّفْنَا أَيُّهَا

تو اللہ تعالیٰ ایسے گنہگار لوگوں سے کبھی خوش نہیں ہوتا کعب کہتا ہے کہ ہم تینوں آدمی

الثَّلَاثَةُ عَنْ أَمْرِ أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ قَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ

ان لوگوں سے جنہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

حَلَفُوْا لَهٗ فَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَأَرْجَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْرَنَا

قسمیں کھا کر عذر کیا اور رسول اللہ صلعم نے ان کا عذر قبول کر لیا اور ان سے بیعت لی اور ان کے لیے استغفار کیا تو ہم تینوں کا اور رسول اللہ صلعم نے

حَتّٰى قَضَى اللّٰهُ فِيْهِ فَبِذٰلِكَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا وَ

تاکہ خدا تعالیٰ نے خود فیصلہ فرمایا اسی حال میں حد الغیب نے فرمایا ہے اور اللہ تعالیٰ پھر فرماتا ہے اور ان تین آدمیوں کے حق میں جو پیچھے چھوڑے گئے

لَيْسَ الَّذِيْ ذَكَرَ مِمَّا خُلِّفْنَا تَخْلِيْفَنَا عَنِ الْغَزْوِ وَإِنَّمَا هُوَ تَخْلِيْفُهٗ إِيَّانَا وَ

اور اس آیت میں غزوہ سے ہمارے تخلف کا ذکر نہیں کیا ہے صرف تخلف کرنے والوں اور عذر کرنے والوں سے چھوڑے

إِرْجَاؤُهٗ أَمْرَنَا عَمَّنْ حَلَفَ لَهٗ وَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ فَقَبِلَ مِنْهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ

عذر کرنے قبول فرمانے تھے ہماری توبہ کا تاخیر کرنا فرمایا ہے متفق علیہ اور ایک

رِوَايَةٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ وَ

روایت میں ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک کو جمعرات کے دن چڑھائی فرمائی تھی اور

كَانَ يُحِبُّ أَنْ يَخْرُجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ وَفِيْ رِوَايَةٍ كَانَ لَا يَقْدَمُ مِنْ سَفَرٍ إِلَّا

یہ آپکو محبوب تھا کہ جمعرات کے دن نکلا کریں اور ایک روایت میں ہے کہ آپ سفر سے جب تشریف لائے تھے تو دن

نَهَارًا فِي الضُّحٰى فَإِذَا قَدِمَ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ فَصَلّٰى فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ فِيْهِ

کو ہی تشریف لایا کرتے تھے اور جب آتے تو پہلے مسجد میں آتے اور دو رکعت نماز پڑھ کر وہاں ہی جا بیٹھتے فرماتے

وَعَنْ أَبِيْ نُجَيْدٍ بِضَمِّ النُّوْنِ وَفَتْحِ الْجِيْمِ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ الْخُزَاعِيِّ

ابو نجید (ساتھ پیش نون کے اور زبر جیم کے) عمران بن حصین خزاعی

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ امْرَأَةً مِنْ جُهَيْنَةَ أَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک عورت قبیلہ جہینہ میں سے حاملہ تھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی

وَهِيَ حُبْلٰى مِنَ الزِّنَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَيَّ فَدَعَا نَبِيُّ

اور کہا کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مجھ پر زنا کی حد لازم ہو گئی آپ مجھ پر حد قائم کریں رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيَّهَا فَقَالَ أَحْسِنْ إِلَيْهَا فَإِذَا وَضَعَتْ فَأْتِنِيْ

اللہ صلعم نے اس کے ولی کو بلوا کر فرمایا کہ اس سے احسان کر اور جب حمل وضع کرے تو اسکو میرے پاس حاضر کر

فقضیٰ فاستویٰ علیٰ ناقتہ وکما ہو بین یدیہ

وہ شخص گیا اپنے ساتھیوں کے پاس اور ان کو اونٹ کے گم ہونے کی خبر دی جب یہ لوگ پہنچے تو فرمانے لگے

فرفعت رأسہا فقال لہ عمر رضی اللہ عنہ یا رسول اللہ وقد ثکلتک

سنتے ہی اس نے اپنا سر اونٹ کے پیٹ سے اٹھایا اور عرض کیا یا رسول اللہ آپ کی محبت کا جنازہ پڑھتے ہیں بیٹھے رہو کہا ہے

قال لقد ثبت توبتہ لو قسمت بین سبعین من اہل المدینۃ لوسعتہم

آپ نے فرمایا اسکے لیے کوئی توبہ ہی ہے کہ وہ توبہ کرے اگر ستر آدمی پر بانٹی جائے تو کفایت کر جائے

وہل وجدت یا افضل من ان جادت بنفسہا للہ وجاہدت علیہ

کیا تو نے کوئی کام اس سے افضل بھی دیکھا ہے کہ اونٹنی اپنی جان اللہ تعالیٰ کے حکم پر دیدی روایت کی اس کو مسلم نے

وعن ابن عباس وانس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال

ابن عباس اور انس مالک رضی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لو ان لابن آدم وادیا من ذہب احب ان یکون لہ وادیان ولن یملأ

کہ اگر ابن آدم کو ایک جنگل سونے کا بھرا ہوا ملے تو پسند کرے گا کہ دو جنگل ہوتے اور اس کا

فاہ الا التراب ویتوب اللہ علی من تاب متفق علیہ وعن ابن عمر رضی

منہ مٹی کے سوا کوئی چیز نہ بھر سکے اور اللہ تعالیٰ توبہ کرتا ہے توبہ کرنے والے کی توبہ قبول کرتا ہے متفق علیہ ابن عمر رضی سے مروی ہے کہ

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یضحک اللہ سبحانہ وتعالیٰ الی

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ دو آدمی کے حال پر ہنستا ہے

رجلین یقتل احدہما الآخر یدخلان الجنۃ یقاتل ہذا فی سبیل اللہ

کہ ایک ان میں سے دوسرے کو قتل کرتا ہے پھر دونوں جنت میں داخل ہوتے ہیں یہ اللہ کے راستے میں لڑائی کرتا ہے

فیقتل ثم یتوب اللہ علی القاتل فیسلم فیستشہد متفق علیہ

پس قتل کیا جاتا ہے پھر اللہ قاتل کی توبہ قبول کرتا ہے پس مسلمان ہو کر شہید کیا جاتا ہے متفق علیہ

الباب الثالث فی الصبر

تیسرا باب صبر کے بیان میں

قال اللہ تعالیٰ یا ایہا الذین امنوا اصبروا وصابروا ورابطوا وقال

فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے ایمان والو صبر کرو اور ثابت رہو اور مقابلہ میں مضبوطی کرو اور لگے رہو یہ اور فرمایا

تعالیٰ ولنبلونکم بشیء من الخوف والجوع ونقص من الاموال والانفس

اللہ تعالیٰ نے البتہ ہم آزمائیں گے تم کو کچھ ایک ڈر سے اور بھوک سے اور مالوں سے اور جانوں

وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ وَقَالَ تَعَالٰى اِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ اَجْرَهُمْ

اور پھلوں کے نقصان سے اور خوشخبری سنا دو صبر کرنے والوں کو۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے صبر کرنے والوں کو ان کے صبر کا اجر

بِغَيْرِ حِسَابٍ وَقَالَ تَعَالٰى وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ

بے حساب پورا دیا جائے گا۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے البتہ جس نے صبر کیا اور بخش دیا بے شک یہ باتیں ہمت کے ہیں

وَقَالَ تَعَالٰى وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَقَالَ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ

اور فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے صبر اور نماز سے امداد طلب کرو۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے البتہ ہم تمکو ضرور آزمائیں گے تاکہ ہم

الْمُجَاهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالْاٰيَاتُ فِى الْاَمْرِ بِالصَّبْرِ وَبَيَانِ فَضْلِهٖ

معلوم کریں تم میں جہاد کرنیوالوں اور صبر کرنیوالوں کو اور ہم تمہاری خبروں کو جانچ لیں۔ آیتیں صبر کرنے کے حکم کرنے اور صبر کی فضیلت

كَثِيْرَةٌ مَعْرُوْفَةٌ وَعَنْ اَبِىْ مَالِكٍ الْحَارِثِ بْنِ عَاصِمٍ الْاَشْعَرِىِّ رض

کے بیان میں آیتیں بہت معروف ہیں۔ ابو مالک حارث بن عاصم اشعری سے مروی ہے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ طہارت آدھا ایمان ہے اور الحمد للہ

تَمْلَاُ الْمِيْزَانَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاٰنِ اَوْ تَمْلَاُ مَا بَيْنَ السَّمٰوٰتِ وَ

بھر دیتا ہے ترازو کو اور سبحان اللہ اور الحمد للہ بھر دیتے ہیں یا بھر دیتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین کے

الْاَرْضِ وَالصَّلٰوةُ نُوْرٌ وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ وَالْقُرْاٰنُ حُجَّةٌ

درمیان ہے اور نماز نور ہے اور صدقہ ایمان کی دلیل ہے اور صبر کرنا روشنی ہے اور قرآن تیرے نفع کی دلیل

لَّكَ اَوْ عَلَيْكَ كُلُّ النَّاسِ يَغْدُوْ فَبَائِعٌ نَفْسَهٗ فَمُعْتِقُهَا اَوْ مُوْبِقُهَا رَوَاهُ

ہے اور تیرے اوپر عمل کیا یا تجھ پر الزام کی حجت ہے اور تیرے اوپر عمل۔ کیا ہر ایک آدمی صبح کرتا ہے سو بیچتا ہے اپنی جان کو پھر آزاد کرتا ہے اسکو یا ہلاک کرتا ہے

مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ سَعْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ الْخُدْرِىِّ رض اَنَّ نَاسًا مِّنَ

مسلم کی روایت کی ہے۔ ابو سعید سعد بن مالک بن سنان خدری سے مروی ہے کہ انصار میں سے

الْاَنْصَارِ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَاهُمْ ثُمَّ سَاَلُوْهُ فَاَ

لوگوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ مال مانگا حضرت نے دیا انہوں نے پھر مانگا حضرت نے پھر دیا

عْطَاهُمْ حَتّٰى نَفِدَ مَا عِنْدَهٗ فَقَالَ لَهُمْ حِيْنَ اَنْفَقَ كُلَّ شَىْءٍ بِيَدِهٖ مَا يَكُنْ عِنْدِىْ

یہاں تک جتنا آپکے پاس مال موجود تھا تمام ہو گیا تب آپنے یہ فرمایا کہ جو میرے پاس مال ہو گا

مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ اَدَّخِرَهٗ عَنْكُمْ وَمَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ يَّسْتَغْنِ

اور کو میں تمسے چھپا کر جمع نہ رکھونگا اور جو شخص سوال اور حرام کاموں سے آپکو بچا دیتا ہے پروردگار بچنے کے ارادہ سے تو خدا تعالیٰ اوسکو

يُغْنِهِ اللّٰهُ وَمَنْ يَّتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ عَطَاءً خَيْرًا وَّأَوْسَعَ مِنَ
کو بے پرواہ کر دیگا اور جو شخص مصیبت اور بلا میں کہ کو بے قرار ہونا چاہیئے صبر کریگا تو خدا اوسکو صبر والا بنا دیگا تو خدا اوسکو صبر پر قادر کر دیگا اور کسی کو بہتر اور کشادہ
الصَّبْرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي يَحْيٰى صُهَيْبِ بْنِ سِنَانٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ
صبر سے کوئی نعمت نہیں ملی متفق علیہ۔ ابیحیٰی صہیب بن سنان سے روایت ہے کہ رسول اللہ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجَبًا لِّأَمْرِ الْمُؤْمِنِ إِنَّ أَمْرَهُ كُلَّهُ لَهُ خَيْرٌ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مومن کا تعجب حال ہے بیشک اوسکا سب حال اوسکے لیئے بہتر ہے اور
وَلَيْسَ ذٰلِكَ لِأَحَدٍ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهُ وَإِنْ
یہ بات مومن کے سوا کسی کو حاصل نہیں اگر اوسکو خوشی ہو تو شکر کرے تو اوسکے حق میں بہتر ہے اور اگر
أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا ثَقُلَ
اوسکو رنج اور تکلیف ہو صبر کرے تو یہی اوسکے حق میں بہتر ہے ف انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب نبی
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ يَتَغَشَّاهُ الْكَرْبُ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ
صلے اللہ علیہ وسلم بہت بیمار ہوئے اور موت کی تکلیف آپ پر غالب ہوئی تو فاطمہ رضی اللہ عنہا
عَنْهَا وَاكَرْبَ أَبَتَاهُ فَقَالَ لَيْسَ عَلٰى أَبِيْكِ كَرْبٌ بَعْدَ الْيَوْمِ فَلَمَّا مَاتَ قَالَتْ
نے کہا ہائے میرے باپ کے رسول اللہ نے فرمایا آج کے بعد تیرے باپ پر کوئی تکلیف نہ ہوگی جب رسول اللہ صلعم فوت ہوگئے تو فاطمہ نے کہا
يَا أَبَتَاهُ أَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ يَا أَبَتَاهُ جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَأْوَاهُ يَا أَبَتَاهُ إِلٰى جِبْرِيْلَ
اے باپ میرے قبول کیا اسنے حکم رب اپنے کا جب بلایا اسنے اے باپ میرے بہشت فردوس ہے جگہ اسکی اے باپ میرے جبریل کو خبر موت اسکی کی کرنی ہوں
نَنْعَاهُ فَلَمَّا دُفِنَ قَالَتْ فَاطِمَةُ رض أَطَابَتْ أَنْفُسُكُمْ أَنْ تَحْثُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ
جب اپکا جسم مبارک دفن کیا گیا تو فاطمہ رضی نے لوگوں کو کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر مٹی ڈالنے کو تمہارے دلوں نے کسطرح
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التُّرَابَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي زَيْدٍ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ
گوارا کیا یہ بخاری نے ف ابی زید اسامہ بن زید ابن حارثہ رسول
ابْنِ حَارِثَةَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحِبِّهِ وَابْنِ حِبِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا
اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے آزاد کئے ہوئے اور آپکے پیارے اور آپکے پیارے کے بیٹے سے مروی ہے
قَالَ أَرْسَلَتْ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ ابْنِيْ قَدِ احْتُضِرَ
کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیٹی نے آپکو کہلا بھیجا کہ میرا لڑکا نزع کی حالت میں ہے
فَاشْهَدْنَا فَأَرْسَلَ يُقْرِئُ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أَعْطٰى وَ
آپ اسوقت ہمارے مکان شریف لاویں آپنے سلام کے بعد کہلا بھیجا کہ بیشک اللہ کی ہے وہ چیز جو اوسنے لی اور اوسکی ہے جو اوسنے عطا کی اور

كُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ تُقْسِمُ عَلَيْهِ

اور اسکے نزدیک ہر ایک چیز کی مدت مقرر ہے چاہئے کہ صبر کرے اور ثواب کی امید رکھے وہ نے دوبارہ پھر قسم دیکر کہلا بھیجا۔

لَيَأْتِيَنَّهَا فَقَامَ وَمَعَهُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَ

کہ آپ ضرور ہی تشریف لاویں آپ تشریف لیگئے اور سعد بن عبادہ اور معاذ بن جبل اور ابی بن کعب اور

زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَرِجَالٌ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ فَرُفِعَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

زید بن ثابت اور کچھ اور آدمی آپکے ساتھ تھے وہ لڑکا اوسی حالت میں اٹھا کر آپکے پاس حاضر

وَسَلَّمَ الصَّبِيُّ فَأَقْعَدَهُ فِي حِجْرِهِ وَنَفْسُهُ تَقَعْقَعُ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ فَقَالَ

کیا آپنے اوسکو گود میں بٹھالیا اور اسکا دم مضطرب ورہے لگا پھر رونے لگے دونوں آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے سعد نے کہا

سَعْدٌ يَا رَسُولَ اللهِ مَا هَذَا فَقَالَ هَذِهِ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللهُ تَعَالَى فِي قُلُوبِ عِبَادِهِ

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپنے فرمایا یہ رحمت ہے کہ خدا تعالے نے اپنے بندوں کے دلوں میں پیدا کی ہے اور ایکبار روایت میں ہے

وَفِي رِوَايَةٍ فِي قُلُوبِ مَنْ شَاءَ مِنْ عِبَادِهِ وَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ

اپنے بندوں میں سے جن لوگوں کے دلوں میں چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور خدا اپنے بندوں میں سے رحمت کرنیوالوں پر ہی رحمت کرتا ہے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَمَعْنَى تَقَعْقَعُ تَتَحَرَّكُ وَتَضْطَرِبُ وَعَنْ صُهَيْبٍ رَضِيَ اللهُ

متفق علیہ۔ اور تقعقع کے معنے ہیں تحرک کرنا تھا اور ہلتا تھا صہیب رضی اللہ

عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ مَلِكٌ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ

عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تمسے پہلے لوگوں میں ایک بادشاہ تھا اور اوسکے

وَكَانَ لَهُ سَاحِرٌ فَلَمَّا كَبِرَ قَالَ لِلْمَلِكِ إِنِّي قَدْ كَبِرْتُ فَابْعَثْ إِلَيَّ غُلَامًا

پاس ایک ساحر تھا جب ساحر بوڑھا ہوگیا تو اوسنے بادشاہ کو کہا کہ میں بوڑھا ہوگیا ہوں تو میرے پاس لڑکا بھیجدے

أُعَلِّمْهُ السِّحْرَ فَبَعَثَ إِلَيْهِ غُلَامًا يُعَلِّمُهُ وَكَانَ فِي طَرِيقِهِ إِذَا سَلَكَ رَاهِبٌ

جسکو میں ساحر سکھاؤں بادشاہ نے ایک لڑکا ساحر کیپاس بھیجدیا جس رستے لڑکا ساحر کے پاس جایا کرتا تھا اوس رستہ میں ایک راہب رہتا تھا

فَقَعَدَ إِلَيْهِ وَسَمِعَ كَلَامَهُ وَكَانَ إِذَا أَتَى السَّاحِرَ مَرَّ بِالرَّاهِبِ وَقَعَدَ إِلَيْهِ

لڑکا اوسکو دیکھکر ایکروز اوسکے پاس بیٹھ گیا اور اوسکے کلام سنی اور آئندہ کو جب ساحر کے پاس جاتا تو اوس درویش کے پاس بیٹھتا اور

فَإِذَا أَتَى السَّاحِرَ ضَرَبَهُ فَشَكَا ذَلِكَ إِلَى الرَّاهِبِ فَقَالَ إِذَا خَشِيتَ السَّاحِرَ

ساحر جب دیر کیا پیچھے اوسکو مارتا تھا لڑکے نے ایکدن راستے کے پاس اوسکی شکایت راہب سے کیا کہ جب مجھے ساحر کا خوف ہوا کرے

فَقُلْ حَبَسَنِي أَهْلِي وَإِذَا خَشِيتَ أَهْلَكَ فَقُلْ حَبَسَنِي السَّاحِرُ فَبَيْنَمَا هُوَ عَلَى

تو اوسکو کہدیا کر کہ مجھے گھر والوں نے روک لیا تھا اور جب گھر والوں سے ڈرے تو کہدیا کر کہ مجھے ساحر نے روک لیا تھا وہ لڑکا اسی طور

ذٰلِكَ اِذْ اَتٰى عَلٰى دَآبَّةٍ عَظِيْمَةٍ قَدْ حَبَسَتِ النَّاسَ فَقَالَ الْيَوْمَ اَعْلَمُ السَّاحِرُ

کیا کہ ایک بڑے راستہ میں جاتا ہوا دیکھتا ہے کہ ایک بڑے جانور نے بڑے راستہ میں لوگوں کو روک رکھا ہے اور سب لوگ اس کو دیکھ کر کہتے ہیں کہ آج

اَفْضَلُ اَمِ الرَّاهِبُ اَفْضَلُ فَاَخَذَ حَجَرًا فَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ اَمْرُ الرَّاهِبِ

میں امتحان کرتا ہوں کہ ساحر افضل ہے یا راہب اور اس نے ایک پتھر اٹھا لیا کہا کہ یا اللہ اگر راہب کا کام مجھے

اَحَبَّ اِلَيْكَ مِنْ اَمْرِ السَّاحِرِ فَاقْتُلْ هٰذِهِ الدَّآبَّةَ حَتّٰى يَمْضِيَ النَّاسُ فَرَمَاهَا

ساحر کے کام سے زیادہ محبوب ہے تو اس چوپایہ کو قتل کر دے تاکہ لوگوں کا رستہ کھل جائے یہ کہہ کر

فَقَتَلَهَا وَمَضَى النَّاسُ فَاَتَى الرَّاهِبَ فَاَخْبَرَهُ فَقَالَ لَهُ الرَّاهِبُ اَيْ بُنَيَّ

پتھر مارا اور اس کو قتل کر دیا اور لوگ اپنے اپنے رستہ چلے گئے اور اس نے راہب کے پاس اس کا ذکر کیا راہب نے اس کو کہا بیٹا

اَنْتَ الْيَوْمَ اَفْضَلُ مِنِّيْ قَدْ بَلَغَ مِنْ اَمْرِكَ مَا اَرٰى وَاِنَّكَ سَتُبْتَلٰى فَاِنِ

اب تو مجھ سے افضل ہے کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ تو بڑی رتبہ کو پہنچ گیا ہے اور تو عنقریب ابتلا کیا جائیگا اگر تو گرفتار ہو گیا تو میرا نام

ابْتُلِيْتَ فَلَا تَدُلَّ عَلَيَّ وَكَانَ الْغُلَامُ يُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَيُدَاوِي النَّاسَ

نہ لینا اور وہ لڑکا نابینے اور مجذوم لوگوں کو تندرست کیا کرتا تھا اور لوگوں کی سب بیماریوں کی دوا کیا کرتا۔

سَائِرَ الْاَدْوَاءِ فَسَمِعَ جَلِيْسٌ لِلْمَلِكِ كَانَ قَدْ عَمِيَ فَاَتَاهُ بِهَدَايَا كَثِيْرَةٍ

اتفاقاً بادشاہ کا ایک مصاحب کہ نابینا ہو گیا تھا یہ خبر سنکر بہت سے تحائف لیکر لڑکے کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا کہ

فَقَالَ مَا هٰهُنَا لَكَ اِنْ اَنْتَ شَفَيْتَنِيْ قَالَ اِنِّيْ لَا اَشْفِيْ اَحَدًا اِنَّمَا يَشْفِي اللّٰهُ تَعَالٰى

اگر تو مجھے تندرست کر دے تو یہ مال سب تیری نذر ہے لڑکے نے کہا میں کسی کو تندرست نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے تندرستی عطا کرتا ہے اگر تو

فَاِنْ اٰمَنْتَ بِاللّٰهِ تَعَالٰى دَعَوْتُ اللّٰهَ لَكَ فَشَفَاكَ فَاٰمَنَ بِاللّٰهِ فَشَفَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے تو میں خدا تعالیٰ سے دعا کرونگا خدا تعالیٰ تجھے شفا عطا کریگا جلیس نے ایمان لایا اللہ تعالیٰ نے اس کو شفا عطا کر دی

فَاَتَى الْمَلِكَ فَجَلَسَ اِلَيْهِ كَمَا كَانَ يَجْلِسُ فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ مَنْ رَدَّ بَصَرَكَ

پھر بادشاہ کے دربار میں پہلے طریق پر جا بیٹھا بادشاہ نے اس کو کہا کہ تجھے کس نے بینا کر دیا اس نے

فَقَالَ رَبِّيْ قَالَ وَلَكَ رَبٌّ غَيْرِيْ قَالَ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ فَاَخَذَهُ فَلَمْ يَزَلْ

کہا میرے رب نے بادشاہ نے کہا میرے سوا تیرا کوئی دوسرا رب بھی ہے اس نے کہا میرا اور تیرا رب اللہ ہے بادشاہ نے اس پر

يُعَذِّبُهُ حَتّٰى دَلَّ عَلَى الْغُلَامِ فَجِيْءَ بِالْغُلَامِ فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ اَيْ بُنَيَّ قَدْ

اس کو طرح طرح کے عذاب میں مبتلا کیا اور پوچھا کہ تجھے یہ طریقہ کس سکھلایا بادشاہ کا پیارا ہو کر اپنے لڑکے کا نام لیا اور اسی وقت لڑکا پکڑا گیا بادشاہ نے

بَلَغَ مِنْ سِحْرِكَ مَا تُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَتَفْعَلُ وَتَفْعَلُ فَقَالَ اِنِّيْ لَا اَشْفِيْ

تو سحر میں یہ کامل ہو گیا ہے کہ نابینا اور مجذوم اور اور بیماروں کو تندرست کرتا ہے اس نے کہا میں کسی کو تندرست نہیں کرتا۔

إِنَّمَا يَسْتَغْنِي اللهُ تَعَالَى فَأَخَذَهُ فَلَمْ يَزَلْ يُعَذِّبُهُ حَتَّى دَلَّ عَلَى الرَّاهِبِ فَجِيءَ بِالرَّاهِبِ

اللہ تعالیٰ نے اس کو تندرست کر دیا پھر بادشاہ نے اسکو بلوا کر عذاب میں گرفتار کر کے کہا کہ سچ سچ بتا کہ تیرا طریقہ تجھ کو کونسا بتلاتا ہے تو اس نے جواب دیا کہ فلاں راہب کو پھر راہب کو بلوا کر اس سے

فَقِيلَ لَهُ ارْجِعْ عَنْ دِينِكَ فَأَبَى فَدَعَا بِالْمِنْشَارِ فَوَضَعَ الْمِنْشَارَ فِي مَفْرِقِ رَأْسِهِ

کہا گیا کہ تو اپنے دین سے پھر جا راہب نے انکار کیا بادشاہ نے آرہ منگوا کر اسکے سر پر رکھوایا اور

فَشَقَّهُ بِهِ حَتَّى وَقَعَ شِقَّاهُ ثُمَّ جِيءَ بِجَلِيسِ الْمَلِكِ فَقَالَ لَهُ ارْجِعْ عَنْ دِينِكَ فَأَبَى

چیر ڈالا اسکے دو ٹکڑے گر پڑے پھر درباری کو بلوایا اور کہا کہ تو اپنے دین سے پھر جا اس نے انکار کیا

فَوَضَعَ الْمِنْشَارَ فِي مَفْرِقِ رَأْسِهِ فَشَقَّهُ بِهِ حَتَّى وَقَعَ شِقَّاهُ ثُمَّ جِيءَ بِالْغُلَامِ فَقِيلَ

بادشاہ نے اسیطرح اسکو چیر ڈالا دو ٹکڑے گر پڑے پھر لڑکا حاضر کیا گیا اور اسکو کہا

لَهُ ارْجِعْ عَنْ دِينِكَ فَأَبَى فَدَفَعَهُ إِلَى نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ اذْهَبُوا بِهِ إِلَى جَبَلِ

کہ تو اپنے دین سے پھر جا لڑکے نے انکار کیا بادشاہ نے اپنے سپاہیوں کے حوالے کیا اور کہا کہ اسکو فلاں پہاڑ کی

كَذَا وَكَذَا فَاصْعَدُوا بِهِ الْجَبَلَ فَإِذَا بَلَغْتُمْ ذِرْوَتَهُ فَإِنْ رَجَعَ عَنْ دِينِهِ وَإِلَّا

چوٹی پر لے جاؤ اگر اسنے دین سے پھر جائے بہتر ورنہ

فَاطْرَحُوهُ فَذَهَبُوا بِهِ فَصَعِدُوا بِهِ الْجَبَلَ فَقَالَ اللَّهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ

اوسکو پھینک دو چنانچہ یہ اوسکو لیگئے اور پہاڑ پر چڑھ کر لڑکے نے دعا کی یا رب تو جسطرح چاہے انکی شرارت سے مجھے کفایت فرما

فَرَجَفَ بِهِمُ الْجَبَلُ فَسَقَطُوا وَجَاءَ يَمْشِي إِلَى الْمَلِكِ فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ مَا فَعَلَ

پہاڑ کو ایسا زلزلہ آیا کہ سپاہی سب گر گئے اور لڑکا صحیح سلامت بادشاہ کے پاس آپہنچا بادشاہ نے کہا تیرے یار

أَصْحَابُكَ فَقَالَ كَفَانِيهِمُ اللهُ تَعَالَى فَدَفَعَهُ إِلَى نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ اذْهَبُوا

کہاں رہے لڑکے نے کہا اللہ تعالیٰ نے اونکی شرارت سے مجھے کفایت کی بادشاہ نے پھر اور سپاہی متعین کر کے کہا کہ اوسکو

بِهِ فَاحْمِلُوهُ فِي قُرْقُورٍ وَتَوَسَّطُوا بِهِ الْبَحْرَ فَإِنْ رَجَعَ عَنْ دِينِهِ وَإِلَّا فَاقْذِفُوهُ

کشتی میں سوار کر کے سمندر کے درمیان لے جاویں اگر اپنے دین سے پھر گیا بہتر ورنہ اس کو سمندر میں

فَذَهَبُوا بِهِ فَقَالَ اللَّهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ فَانْكَفَأَتْ بِهِمُ السَّفِينَةُ فَغَرِقُوا

پھینک دو چنانچہ یہ اوسکو لیگئے جب وہاں پہنچے تو لڑکے نے دعا کی یا اللہ تو جسطرح چاہے انکی شرارت سے مجھے کفایت فرما کشتی الٹ گئی اور سب ڈوب گئے

وَجَاءَ يَمْشِي إِلَى الْمَلِكِ فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ مَا فَعَلَ أَصْحَابُكَ فَقَالَ كَفَانِيهِمُ

اور لڑکا بادشاہ کے پاس آ حاضر ہوا بادشاہ نے کہا تیرے یار کیا ہوئے اوسنے کہا خدا تعالیٰ نے اوسنے

اللهُ تَعَالَى فَقَالَ لِلْمَلِكِ إِنَّكَ لَسْتَ بِقَاتِلِي حَتَّى تَفْعَلَ مَا آمُرُكَ بِهِ قَالَ

مجھے کفایت کی پھر لڑکے نے بادشاہ کو کہا کہ تو مجھے قتل نہیں کر سکتا جب تک میرا کہا نہ کرے بادشاہ نے کہا

مَا هُوَ قَالَ فَجَمَعَ النَّاسَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ وَتَصْلُبُنِي عَلَى جِذْعٍ ثُمَّ خُذْ سَهْمًا

وہ کیا ہے اوسنے کہا کہ لوگوں کو ایک میدان وسیع میں جمع کرا اور مجھے سولی پر چڑھا کر میرے ترکش میں سے ایک تیر لے کر

مِنْ كِنَانَتِي ثُمَّ ضَعِ السَّهْمَ فِي كَبِدِ الْقَوْسِ ثُمَّ قُلْ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْغُلَامِ

بسم اللہ رب الغلام کہہ کر مجھے تیر مار

ثُمَّ ارْمِنِي فَإِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ قَتَلْتَنِي فَجَمَعَ النَّاسَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ وَ

جب تو یہ کام کریگا میں قتل ہو جاؤں گا بادشاہ نے میدان وسیع میں لوگ جمع کئے اور

صَلَبَهُ عَلَى جِذْعٍ ثُمَّ أَخَذَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ ثُمَّ وَضَعَ السَّهْمَ فِي كَبِدِ الْقَوْسِ

اوسکو سولی پر چڑھا کر اوس کے ترکش میں سے ایک تیر لیا

ثُمَّ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْغُلَامِ ثُمَّ رَمَاهُ فَوَقَعَ السَّهْمُ فِي صُدْغِهِ فَوَضَعَ

اور بسم اللہ رب الغلام کہہ کر اوسکو مارا تیر اوس کی کنپٹی میں لگا لڑکا

يَدَهُ فِي صُدْغِهِ فَمَاتَ فَقَالَ النَّاسُ آمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ فَأُتِيَ الْمَلِكُ فَقِيلَ

اپنی کنپٹی پر اتنے میں سب حاضرین چیخ اٹھے کہ اوسنے امنا برب الغلام کہا بادشاہ کو کہا گیا

لَهُ أَرَأَيْتَ مَا كُنْتَ تَحْذَرُ قَدْ وَاللّٰهِ نَزَلَ بِكَ حَذَرُكَ قَدْ آمَنَ النَّاسُ

کہ جس کام سے تو ڈرتا تھا وہی تجھپر نازل ہوا لوگ مسلمان ہو گئے

فَأَمَرَ بِالْأُخْدُودِ بِأَفْوَاهِ السِّكَكِ فَخُدَّتْ وَأُضْرِمَ فِيهَا النِّيرَانُ وَقَالَ مَنْ

بادشاہ نے حکم دیا کہ ہر محلہ کی سڑک پر خندقیں کھودوائی جاویں جسنے حکم بادشاہ کے خلاف کیا اوسکو خندقوں میں ڈلوا کر آگ جلا دی گئی اور بادشاہ نے حکم دیا

لَمْ يَرْجِعْ عَنْ دِينِهِ فَأَقْحِمُوهُ فِيهَا أَوْ قِيلَ لَهُ اقْتَحِمْ فَفَعَلُوا حَتَّى جَاءَتِ

کہ جو شخص اپنے دین سے نہ پھرے اوسکو خندق میں گرا دیا جاوے اور کہا جاوے کہ تو آپہی خود بخود گر تو اسکی اسکی تعمیل میں مشغول تھے کہ ایک

امْرَأَةٌ وَمَعَهَا صَبِيٌّ لَهَا فَتَقَاعَسَتْ أَنْ تَقَعَ فِيهَا فَقَالَ لَهَا الْغُلَامُ يَا أُمَّهْ

عورت گود میں لڑکا حاضر کیگئی عورت آگ میں گرنے سے ڈر کر رک گئی لڑکا بولا اے ماں صبر

اصْبِرِي فَإِنَّكِ عَلَى الْحَقِّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ ذِرْوَةُ الْجَبَلِ أَعْلَاهُ وَهِيَ بِكَسْرِ الذَّالِ

کر تو حق پر ہے روایت کی یہ مسلم نے۔ ذروہ ذال معجمہ کے زیر اور پیش سے

الْمُعْجَمَةِ وَضَمِّهَا وَالْقَرْقَرُ بِضَمِّ الْقَافَيْنِ نَوْعٌ مِنَ السُّفُنِ وَالصَّعِيدُ هُنَا

ذروۃ الجبل پہاڑ کی چوٹی کو کہتے ہیں۔ اور قرقر دونوں قاف مضموم سے کشتی کے ایک قسم کا نام ہے صعید

الْأَرْضُ الْبَارِزَةُ وَالْأُخْدُودُ الشُّقُوقُ فِي الْأَرْضِ كَالنَّهْرِ الصَّغِيرِ وَأُضْرِمَ

زمین صاف میدان اخدود زمین میں جو نہر کیطرح کپڑے کھودے جاویں اضرم

أَوْ قَدْ وَانْكَفَأَتْ أَيْ انْقَلَبَتْ وَتَقَاعَسَتْ تَوَقَّفَتْ وَجَبُنَتْ وَعَنْ أَنَسٍ

جلائی گئی انکفأت پلٹ گئی اور تقاعست یعنے اوسولت توقف کیا اور کم دل ہوگئی۔ انس سے روایت ہے

قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ تَبْكِي عِنْدَ قَبْرٍ فَقَالَ اتَّقِي اللهَ وَ

کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو قبر پر روتے دیکھکر فرمایا کہ اللہ تعالے سے ڈر اور صبر

اصْبِرِي فَقَالَتْ إِلَيْكَ عَنِّي فَإِنَّكَ لَمْ تُصَبْ بِمُصِيبَتِي وَلَمْ تَعْرِفْهُ فَقِيلَ

کر وہ آپ کو کہنے لگی کہ تو مجھ سے دور ہو جا تجھے میری مجھی مصیبت نہیں پہنچی اور اوسنے آپکو نہ پہچانا تو لوگوں نے

لَهَا إِنَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَتْ بَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ

اوسکو کہا کہ یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے یہ بات سنکر وہ نبی صلے کے دروازہ پر آئی وہاں

تَجِدْ عِنْدَهُ بَوَّابِينَ فَقَالَتْ لَمْ أَعْرِفْكَ فَقَالَ إِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى

دربان نہ تھے رسول اللہ صلعم کو اوسنے کہا کہ میں نے آپ کو پہچانا نہ تھا آپنے فرمایا کہ صبر وہ ہے جو صدمہ کی وقت ہوتا ہے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ تَبْكِي عَلَى صَبِيٍّ لَهَا وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ

متفق علیہ۔ اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ اپنے لڑکے پر رو رہی تھی ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَقُولُ اللهُ تَعَالَى مَا لِعَبْدِيَ الْمُؤْمِنِ

حضرت صلعم نے فرمایا خدا تعالے فرماتا ہے کہ بہشت کے سوا میرے لیا نمدار بندے کا

عِنْدِي جَزَاءٌ إِذَا قَبَضْتُ صَفِيَّهُ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا ثُمَّ احْتَسَبَهُ إِلَّا الْجَنَّةُ رَوَاهُ

کوئی بدلا نہیں جبکہ میں نے دنیا کے لوگوں میں سے دوست کو اوسکے پاس لے لیا پھر اوسنے ثواب کی امید پر صبر کیا روایت کی یہ

الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا سَأَلَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ

بخاری نے عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ اوس نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے وبا کا

الطَّاعُونِ فَأَخْبَرَهَا أَنَّهُ كَانَ عَذَابًا يَبْعَثُهُ اللهُ تَعَالَى عَلَى مَنْ يَشَاءُ فَجَعَلَهُ

حال پوچھا آپنے اوسکو بتایا کہ یہہ عذاب تھا کہ اللہ تعالے نے بھیجتا ہے جسپر چاہتا ہے سو خدا تعالے نے اوسکو

اللهُ تَعَالَى رَحْمَةً لِلْمُؤْمِنِينَ فَلَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَقَعُ فِي الطَّاعُونِ فَيَمْكُثُ

ایمانداروں کیواسطے رحمت کر ڈالا جو بندہ کسی وبا میں گرفتار ہو جائے اور وہ وہاں ہی

فِي بَلَدِهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يُصِيبُهُ إِلَّا مَا كَتَبَ اللهُ لَهُ إِلَّا كَانَ لَهُ

رہا اسے شہر سے نکلنے کا ثواب کی امید پر صبر کرے دل میں یقین رکھتا ہو کہ وبا کا صدمہ بدون تقدیر الٰہی کے اوسکو نہ پہنچیگا تو اوسکو

مِثْلُ أَجْرِ الشَّهِيدِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ

شہید کے برابر ثواب ملیگا روایت کی یہ بخاری نے۔ انس رضہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان اللہ عز وجل قال اذا ابتلیت عبدی

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا تھا کہ فرماتے تھے خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب میں اپنے بندے کو دونوں آنکھوں سے کی

بحبیبتیہ فصبر عوضتہ منہما الجنۃ یرید عینیہ رواہ البخاری وعن

محبوب چیزوں سے مبتلا کرتا ہوں اور وہ اس پر صبر کرتا ہے تو میں اس کو دونوں عوض یا دو سفید جنت عطا کرتا ہوں روایت کی اس کو بخاری نے اور

عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ قال قال لی ابن عباس رضی اللہ عنہ الا اریک

عطاء بن ابی رباح رح کہتا ہے کہ مجھے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں تجھے ایک

امرأۃ من اہل الجنۃ فقلت بلی فقال ہذہ المرأۃ السوداء اتت النبی

عورت اہل جنت میں سے دکھلاؤں میں نے کہا کہ ہاں دکھلا اس نے ایک عورت کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ یہ عورت سیاہ فام تھی

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقالت انی اصرع وانی اتکشف فادع اللہ تعالیٰ

صلعم کے پاس آئی اور کہا کہ مجھے مرگی کی مرض ہے اور اس وقت میں ننگی ہو جاتی ہوں آپ میرے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے

قال ان شئت صبرت ولک الجنۃ وان شئت دعوت اللہ ان یعافیک

آپ نے فرمایا اگر تو چاہے تو صبر کر اور تجھ کو بہشت ملے گی اور اگر تو چاہے تو میں دعا کروں اللہ تجھ کو صحت عطا کرے بولے

فقالت اصبر فقالت انی اتکشف فادع اللہ ان لا اتکشف فدعا لہا

اوس عورت نے کہا میں صبر کرتی ہوں مگر آپ دعا کیجئے کہ اوس حالت میں میرا بدن منکشف نہ ہو کہے آپ نے اوسکے لیے دعا فرمائی

متفق علیہ وعن ابی عبد الرحمن عبد اللہ بن مسعود رض قال کانی

متفق علیہ۔ ابی عبدالرحمن عبداللہ بن مسعود رض کہتا ہے کویا میں

انظر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحکی نبیا من الانبیاء صلوات اللہ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں جب آپ انبیاء میں سے ایک نبی کی حکایت کرتے تھے

وسلامہ علیہم ضربہ قومہ فادموہ وہو یمسح الدم عن وجہہ ویقول

کہ اوس کی قوم نے اوسکو مار کر خون آلودہ کر دیا اور وہ اپنے چہرہ مبارک سے خون پونچھتا تھا اور

اللہم اغفر لقومی فانہم لا یعلمون متفق علیہ وعن ابی سعید و

کہتا تھا اے اللہ میری قوم کو بخش دے کہ یہ لوگ انبیا کی قدر نہیں جانتے۔ متفق علیہ۔ ابوسعید اور ابوہریرہ رضی سے مروی ہے

ابی ہریرۃ رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما یصیب المسلم من نصب ولا

کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مسلمان کو کوئی مرض نہیں پہنچتی اور نہ ماندگی اور نہ رنج

وصب ولا ہم ولا حزن ولا اذی ولا غم حتی الشوکۃ یشاکہا الا کفر اللہ

اور نہ ہم اور نہ حزن اور نہ ایذا اور نہ غم تا کہ کانٹا جو اوسکے لگ جائے مگر خدا تعالیٰ اوسکے

بِهَا مِنْ خَطَايَاهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَالْوَصَبُ الْمَرَضُ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ

گناہوں کا کفارہ کرتا ہے متفق علیہ۔ اور وصب بیماری کو کہتے ہیں ابن مسعود رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوعَكُ فَقُلْتُ يَا

عنہ بیان کرتا ہے کہ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور آپکو تپ چڑھا ہوا تھا پس میں نے کہا یا رسول اللہ

رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّكَ تُوعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا قَالَ أَجَلْ إِنِّي أُوعَكُ كَمَا يُوعَكُ رَجُلَانِ

آپ کو بڑا سخت تپ چڑھتا ہے آپنے فرمایا کہ مجھے ایسا بخار ہے جیسا دو آدمی کو ہو

مِنْكُمْ قُلْتُ ذٰلِكَ أَنَّ لَكَ أَجْرَيْنِ قَالَ أَجَلْ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ

یعنے گنہگار تم لوگوں کی اسلیے کہ آپ کو دوچند اجر ملتا ہے آپنے فرمایا ہاں کوئی مسلمان نہیں کہ اوسکو

أَذًى شَوْكَةٌ فَمَا فَوْقَهَا إِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا سَيِّئَاتِهِ كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا مُتَّفَقٌ

کانٹے یا اوس سے زیادہ کا دکھ پہنچے مگر اوسکے گناہ اوس سے کرجاتے ہیں جیسے درخت کے پتے گر جاتے ہیں متفق

عَلَيْهِ وَالْوَعْكُ مَغْثُ الْحُمَّى وَقِيْلَ الْحُمَّى وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

علیہ اور وعک اہل ہند میں زبردار چیچک کے دانے کو کہتے ہیں اور بعض نے کہا بخار کو اور ابو ہریرہ رضہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّصِبْ مِنْهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَضَمَّ

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس سے خدا تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے مصیبت بھیجتا ہے یہ حدیث بخاری کی روایت کی ہے اور ضم

يُصِبْ بِفَتْحِ الصَّادِ وَكَسْرِهَا وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

صاد کی فتحہ اور کسرہ دونوں سے ضبط کیا ہے انس رضہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ أَصَابَهُ فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا

نے فرمایا کہ تم میں سے اگر کسیکو کسی رنج لاحق ہوجانے کی وجہ سے موت کی خواہش نہ کیا کرے اور اگر ضرور کرنی ہی ہو

فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ مَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا

تو اس طرح کہا کرے یا اللہ جبتک میرے حق میں زندگی بہتر ہو تب تک مجھے زندہ رکھ اور جب میرے حق میں موت بہتر ہو تو مجھے موت کر

لِّيْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ شَكَوْنَا إِلٰى

متفق علیہ ابو عبد اللہ خباب بن الارت رضہ سے مروی ہے

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً لَّهٗ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ فَقُلْنَا أَلَا

کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کعبہ کے سایہ میں اپنی چادر کو بالین لیئے ہوئے تھے ہم نے آپسے اپنی بیکسی اور فاقہ کشی کی شکایت کی

تَسْتَنْصِرُ لَنَا أَلَا تَدْعُو لَنَا فَقَالَ قَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ يُؤْخَذُ الرَّجُلُ فَيُحْفَرُ لَهٗ

اور عرض کیا آپ ہمارے لیئے اللہ تعالیٰ سے مدد نہیں مانگتے اور دعا کیوں نہیں کرتے آپنے فرمایا کہ تم سے پہلے انمیں ہر حال میں ایک مومن گرفتار کیا جاتا

فِی الْاَرْضِ فَیَجْعَلُ فِیْهَا تُوْبِیْ بِالْمِنْشَارِ فَیُوْضَعُ عَلٰی رَاْسِهٖ فَیُجْعَلُ فِرْقَتَیْنِ وَ

اور

یُمْشَطُ بِاَمْشَاطِ الْحَدِیْدِ مَا دُوْنَ لَحْمِهٖ وَعَظْمِهٖ مَا یَصُدُّهٗ ذٰلِكَ عَنْ دِیْنِهٖ

اوسکو دین پر رہنے سے کوئی چیز اسی طور پھیرا نہیں سکتی کہ کنگھی سے لوہے کی کنگھی ہڈی اور گوشت کے بیچ کی نسیں یہ تعذیب اوسکو دین سے نہ روکتی تھی

وَاللّٰهِ لَیُتِمَّنَّ اللّٰهُ هٰذَا الْاَمْرَ حَتّٰی یَسِیْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَآءَ اِلٰی حَضْرَمَوْتَ لَا

بھروسہ رکھنا چاہیئے اللہ کی قسم ہر آئینہ اللہ تعالیٰ اس دین کو پہنچا کامل کریگا کہ صنعا سے حضرموت تک اونٹ کا سوار امن سے سیر کرے گا

یَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ وَالذِّئْبَ عَلٰی غَنَمِهٖ وَلٰكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُوْنَ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَ

اللہ کے سوا کسی سے خوف نہ کریگا اور اوسکو اپنی بکریوں پر بھیڑیئے کا خوف ہوگا لیکن تم جلدی کرتے ہو سلسلہ روایت کی یہ بخاری نے اور ایک

فِیْ رِوَایَةٍ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً وَقَدْ لَقِیْنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ شِدَّةً وَعَنِ ابْنِ

روایت میں ہے اور وہ یہ کہ وہ چادر کے اوپر سر رکھے ہوئے تھے ہم کو مشرکوں سے سخت رنج پہونچا تھا

ابن

مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا كَانَ یَوْمُ حُنَیْنٍ اٰثَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَاسًا

مسعود رضی بیان کرتا ہے کہ حنین کے دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مال تقسیم کرتے میں

فِی الْقِسْمَةِ فَاَعْطٰی الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ وَاَعْطٰی عُیَیْنَةَ بْنَ حِصْنٍ

بعض بعض کو بہت مال عطا کر دیا جیسا اقرع بن حابس کو سو اونٹ اور اسیقدر عیینہ بن حصن کو

مِثْلَ ذٰلِكَ وَاَعْطٰی نَاسًا مِنْ اَشْرَافِ الْعَرَبِ اٰثَرَهُمْ یَوْمَئِذٍ فِی الْقِسْمَةِ فَقَالَ

عطا کیا اور عرب کے اشراف میں سے کئی آدمی کو عطا کیا اور اوسکو تقسیم میں دوسروں سے برگزیدہ کر لیا ایک آدمی نے

رَجُلٌ وَاللّٰهِ اِنَّ هٰذِهٖ قِسْمَةٌ مَا عُدِلَ بِهَا وَمَا اُرِیْدَ فِیْهَا وَجْهُ اللّٰهِ فَقُلْتُ

یہ حال دیکھکر کہا بھی اللہ کی قسم ہے اس تقسیم میں عدالت ملحوظ نہیں میں نے کہا

وَاللّٰهِ لَاُخْبِرَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَیْتُهٗ فَاَخْبَرْتُهٗ بِمَا قَالَ

واللہ میں رسول اللہ صلعم کو خبر کر دونگا میں رسول اللہ صلعم کے پاس آیا اور آپکو اوسکے قول کی خبر دی

فَتَغَیَّرَ وَجْهُهٗ حَتّٰی كَانَ كَالصِّرْفِ ثُمَّ قَالَ فَمَنْ یَّعْدِلُ اِذَا لَمْ یَعْدِلِ اللّٰهُ

رسول اللہ کا چہرہ ایسا متغیر ہو گیا کہ چہرہ مبارک پر صرف جیسے سرخی آمیلی پھر آپنے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ اور اسکا رسول عدالت نہ کریگے

وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ قَالَ یَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسٰی قَدْ اُوْذِیَ بِاَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ فَقُلْتُ

تو دوسرا کون عدالت کریگا پھر آپنے فرمایا کہ خدا اللہ موسیٰ پر رحم کرے کہ اوسکو اس سے بھی زیادہ رنج دیئے گئے تھے مگر اوسنے صبر ہی کیا میں نے کہا

لَا جَرَمَ لَا اَرْفَعُ بَعْدَهَا حَدِیْثًا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَقَوْلُهٗ كَالصِّرْفِ هُوَ بِكَسْرِ

اچھا کہ میں یہ کبھی آپکے پاس اسطرح کی بات نہ لاؤنگا متفق علیہ اور صرف صاد پہلے کے

الصَّادِ الْمُهْمَلَةِ وَهُوَ صِبْغٌ اَحْمَرُ وَعَنْ اَنَسٍ رضی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

زبر سے ایک رنگ سرخ ہے انس رضہ سے مروی ہے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدِهِ الْخَيْرَ عَجَّلَ لَهُ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا

صلعم نے فرمایا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسکو دنیا میں کسی قسم کے رنج و دکھ میں مبتلا کرتا ہے

وَاِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدِهِ الشَّرَّ اَمْسَكَ عَنْهُ بِذَنْبِهٖ حَتّٰى يُوَافِيَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے برائی کا ارادہ کرتا ہے تو جب گناہ کے جس عذاب کا وہ مستحق ہوتا ہے دنیا میں وہ عذاب اس سے روک رکھتا ہے تاکہ قیامت کو پورے

وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عِظَمَ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ وَاِنَّ

سزا دے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جزا کی عظمت بلا و سخ کی عظمت کے موافق ہوتی ہے اور جب

اللّٰهَ تَعَالٰى اِذَا اَحَبَّ قَوْمًا اِبْتَلَاهُمْ فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضٰى وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ السَّخَطُ

اللہ تعالیٰ کسی جماعت سے محبت رکھتا ہے تو اسکو بھی مبتلا کرتا ہے جو شخص راضی ہوا اللہ سے اللہ تعالیٰ کی رضا ہے اور جو شخص ناراض ہوا

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَعَنْ اَنَسٍ رضی قَالَ كَانَ ابْنٌ لِاَبِيْ

روایت کی اسکو ترمذی نے اور کہا کہ حدیث حسن ہے انس رضہ بیان کرتا ہے کہ ابو طلحہ کا

طَلْحَةَ يَشْتَكِيْ فَخَرَجَ اَبُوْ طَلْحَةَ فَقُبِضَ الصَّبِيُّ فَلَمَّا رَجَعَ اَبُوْ طَلْحَةَ قَالَ مَا

بیٹا بیمار تھا ابو طلحہ گھر سے نکلا کہ وہ لڑکا فوت ہوگیا جب ابو طلحہ واپس گھر میں آیا تو پوچھا کہ

فَعَلَ ابْنِيْ قَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ وَهِيَ اُمُّ الصَّبِيِّ هُوَ اَسْكَنُ مَا كَانَ فَقَرَّبَتْ اِلَيْهِ

لڑکا کیسا ہے ام سلیم لڑکے کی ماں نے کہا کہ پہلے سے اب آرام میں ہے یہ کہہ کر

الْعَشَاءَ فَتَعَشّٰى ثُمَّ اَصَابَ مِنْهَا فَلَمَّا فَرَغَ قَالَتْ وَارُوا الصَّبِيَّ فَلَمَّا اَصْبَحَ

کھانا حاضر کیا جب کھانا کھا چکا تو عورت سے جماع کیا جب جماع سے فارغ ہوا تو عورت نے کہا کہ لڑکے کو دفن کرو ابو

اَبُوْ طَلْحَةَ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ اَعَرَّسْتُمُ اللَّيْلَةَ قَالَ

طلحہ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو آکر خبر کی آپنے فرمایا آج رات تمنے جماع کیا ہے اوسنے کہا

نَعَمْ قَالَ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمَا فَوَلَدَتْ غُلَامًا فَقَالَ لِيْ اَبُوْ طَلْحَةَ احْمِلْهُ حَتّٰى

ہاں کیا ہے آپنے فرمایا اے اللہ تو انکے بھلا کر پس اوسکی عورت نے لڑکا جنا انس کہتا ہے ابو طلحہ نے مجھ سے کہا اسکو اوٹھا کر

تَاْتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعَثَ مَعَهٗ بِتَمَرَاتٍ فَقَالَ مَعَهٗ شَيْءٌ

رسول اللہ صلعم کے پاس لے چل اور کچھ چھوہارے بھی اوسکے ساتھ بھیجے آپنے فرمایا کہ اسکے ساتھ کوئی شے ہے

قَالَ نَعَمْ مَعَهٗ تَمَرَاتٌ فَاَخَذَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَضَغَهَا ثُمَّ

اوسنے کہا ہاں چھوہارے ہیں رسول اللہ صلے اللہ وسلم نے چھوہارے اپنے منہ میں چبائے اور پھر

اَخَذَهَا مِنْ فِيْهِ فَجَعَلَهَا فِيْ فِي الصَّبِيِّ ثُمَّ حَنَّكَهُ وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

نکال کر لڑکے کے منہ میں ڈالدیئے اور اسکا نام عبداللہ مقرر فرمایا متفق علیہ

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَرَاَيْتُ

اور بخاری کی ایک روایت میں ہے ابن عیینہ بیان کرتا ہے کہ ایک انصاری کہتا ہے کہ میں نے

تِسْعَةَ اَوْلَادِهِمْ قَدْ قَرَءُوا الْقُرْاٰنَ يَعْنِيْ مِنْ اَوْلَادِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَوْلُوْدِ وَفِيْ

اولاد سے دیکھے اس عبداللہ کی اولاد سے جسکا یہاں ذکر ہے) نو لڑکے دیکھے ہیں کہ سب نے قرآن شریف پڑھا ہوا تھا اور مسلم

رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَتْ اِنَّ ابْنًا لِاَبِيْ طَلْحَةَ مِنْ اُمِّ سُلَيْمٍ فَقَالَتْ لِاَهْلِهَا لَا تُحَدِّثُوْا

کی ایک روایت میں ہے کہ ابو طلحہ کا ایک لڑکا ام سلیم کے پیٹ سے تھا وہ فوت ہوگیا ام سلیم نے اپنے گھر کے سب لوگوں کو روک دیا کہ میرے

اَبَا طَلْحَةَ بِابْنِهٖ حَتّٰى اَكُوْنَ اَنَا الَّذِيْ اُحَدِّثُهٗ فَجَاءَ فَقَرَّبَتْ اِلَيْهِ عَشَاءً

سوا کوئی اس کی موت کی ابو طلحہ کو خبر نہ کرے جب ابو طلحہ گھر آیا تو پہلے ام سلیم نے رات کا کھانا اوسکے آگے حاضر کیا۔

فَاَكَلَ وَشَرِبَ ثُمَّ تَصَنَّعَتْ لَهٗ اَحْسَنَ مَا كَانَتْ تَصَنَّعُ قَبْلَ ذٰلِكَ فَوَقَعَ

جب کھا پیکر فارغ ہوا تو اوسکے پہلے سے زیادہ سنگار وغیرہ سے اپنی آراستہ کی ابو طلحہ نے اوس سے

بِهَا فَلَمَّا اَنْ رَاَتْ اَنَّهٗ قَدْ شَبِعَ وَاَصَابَ مِنْهَا قَالَتْ يَا اَبَا طَلْحَةَ اَرَاَيْتَ

جماع کیا جب عورت نے دیکھا کہ کھانے وغیرہ سے فارغ ہوگیا تو اوسکو کہا کہ اگر کوئی

لَوْ اَنَّ قَوْمًا اَعَارُوْا عَارِيَتَهُمْ اَهْلَ بَيْتٍ فَطَلَبُوْا عَارِيَتَهُمْ اَلَهُمْ اَنْ يَّمْنَعُوْهُمْ

شخص کسیکو کوئی چیز عاریۃً دے پھر جبکہ وہ مالک اپنی چیز طلب کرے تو اوسکو جائز ہے کہ واپس

قَالَ لَا فَقَالَتْ فَاحْتَسِبْ ابْنَكَ قَالَ فَغَضِبَ ثُمَّ قَالَ تَرَكْتِنِيْ حَتّٰى اِذَا تَلَطَّخْتُ

نہ دیوے اوسنے کہا نہیں عورت نے کہا تو اپنے بیٹے پر صبر کر راوی کہتا ہے کہ ابو طلحہ غصہ ہوا اور کہا کہ جب میں اچھی حالت میں آلودہ ہوگیا۔

ثُمَّ اَخْبَرْتِنِيْ بِابْنِيْ فَانْطَلَقَ حَتّٰى اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تو اب تو نے اوسکے موت کی خبر کی یہ کہکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا

فَاَخْبَرَهٗ بِمَا كَانَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْ لَيْلَتِكُمَا

اور حال بیان کیا رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ خدا تعالےٰ تمہاری رات برکت والی کرے

قَالَ فَحَمَلَتْ قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ وَّهِيَ مَعَهٗ وَ

راوی کہتا ہے وہ عورت حاملہ ہوگئی اور رسول اللہ صلعم کے ساتھ سفر میں تھے تا کہ جب آپ سفر سے

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْبَلَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ مِنْ سَفَرٍ لَا يَطْرُقُهَا

مدینہ کو واپس آئے اور جب آپ سفر سے آیا کرتے تھے تو رات کو شہر میں داخل نہ ہوا کرتے تھے

طُرُوقًا فَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ فَضَرَبَهَا الْمَخَاضُ فَاحْتُبِسَ عَلَيْهَا أَبُو طَلْحَةَ وَ

جب ہم مدینہ کے قریب پہنچے تو اوسکو دردِ زہ شروع ہوا ابو طلحہ اس سبب سے اوسکے پاس رُک گیا اور

انْطَلَقَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُولُ أَبُو طَلْحَةَ إِنَّكَ لَتَعْلَمُ يَا رَبِّ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ کو تشریف لے چلے راوی کہتا ہے ابو طلحہ نے کہا اے اللہ تو جانتا ہے

إِنَّهُ يُعْجِبُنِي أَنْ أَخْرُجَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ وَأَدْخُلَ

کہ میرے دل کو اس سے خوشی ہے کہ میں آپکے ساتھ تبھی مدینہ سے نکلوں اور جب مدینہ میں داخل ہوں

مَعَهُ إِذَا دَخَلَ وَقَدِ احْتَبَسْتُ بِمَا تَرَى تَقُولُ أُمُّ سُلَيْمٍ يَا أَبَا طَلْحَةَ مَا أَجِدُ الَّذِي

تو آپکے ساتھ ہی داخل ہوں اور یا اللہ تو جانتا ہے کہ میں اس سبب سے رُکا گیا ہوں اسوقت ام سلیم نے کہا اے ابو طلحہ جو درد مجھ ہوتا تھا

كُنْتُ أَجِدُ انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا وَضَرَبَهَا الْمَخَاضُ حِينَ قَدِمَا فَوَلَدَتْ غُلَامًا

اب نہیں ہوتا اب تو یہی چل بس ہمنے اوسوقت وہاں سے کوچ کر دیا جب مدینہ میں پہونچ گئے تو پہر اوسکو دردِ زہ شروع ہوا اور لڑکا تولد ہوا

فَقَالَتْ لِي أُمِّي يَا أَنَسُ لَا يُرْضِعُهُ أَحَدٌ حَتَّى تَغْدُوَ بِهِ عَلَى رَسُولِ اللهِ

میری ماں نے مجھے کہا کہ اے انس اس لڑکے کو دودھ کوئی نہ دے تاکہ اسکو رسول اللہ صلے

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا أَصْبَحَ احْتَمَلْتُهُ فَانْطَلَقْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاجب صبح ہوئی تو میں اوس لڑکے کو آپ کے پاس لایا

وَسَلَّمَ وَذَكَرَ تَمَامَ الْحَدِيثِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضـ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

اور آخر تک حدیث ذکر کی ابو ہریرہ رضہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ الشَّدِيدُ بِالصُّرْعَةِ إِنَّمَا الشَّدِيدُ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهُ

وسلم نے فرمایا کہ پہلوان وہ نہیں ہے جو لوگوں کو پچھاڑ دے حقیقت میں پہلوان وہ ہے جو غصہ کے وقت

عِنْدَ الْغَضَبِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَالصُّرْعَةُ بِضَمِّ الصَّادِ وَفَتْحِ الرَّاءِ وَأَصْلُهُ عِنْدَ

اپنی جان پر قابو رکھے۔ متفق علیہ اور صرعۃ ساتھ ضمہ صاد اور فتحہ راء کے اور عرب کے استعمال میں۔

الْعَرَبِ مَنْ يَصْرَعُ النَّاسَ كَثِيرًا وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ رضـ قَالَ كُنْتُ

اس لفظ کا اطلاق اس شخص پر ہوتا ہے جو کشتی میں دوسروں کو بہت گراوے اور سلیمان بن صرد بیان کرتا ہے کہ میں

جَالِسًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجُلَانِ يَسْتَبَّانِ وَأَحَدُهُمَا قَدِ احْمَرَّ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور دو آدمی ایک دوسرے کو گالیاں دے رہے تھے اور ایک کا چہرہ

وَجْهُهُ وَانْتَفَخَتْ أَوْدَاجُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ

سرخ اور گردن کی رگیں پھول گئیں اوسوقت آپنے فرمایا کہ میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں

كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ لَوْ قَالَ أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

اگر یہ شخص زبان سے اوس کلمہ کو کہے تو اسکا غصہ جاتا رہے اگر کہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

ذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ فَقَالُوا لَهُ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعَوَّذْ

تو اوسکا غصہ دور ہو جائے لوگوں نے اوسکو کہا کہ رسول اللہ صلعم فرماتے ہیں کہ تو اعوذ باللہ

بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ

من الشیطان الرجیم پڑھ ۔ روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے معاذ بن انس سے مروی ہے کہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يُنْفِذَهُ دَعَاهُ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اوسوقت غصہ نہ ہا جس وقت کہ اوسکو غصہ چلانے کی قدرت ہو

اللّٰهُ سُبْحَانَهُ عَلَى رُءُوسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُخَيِّرَهُ مِنَ الْحُورِ

تو خدا تعالے قیامت کے دن خلقت کے روبرو اسکو بلاکر فرمائیگا کہ تو حوروں میں سے جو کسی چاہتا ہے

مَا شَاءَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ وَعَنْ

پسند کرلے ۔ روایت کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے اور کہا ہے یہ حدیث حسن ہے اور ابو

أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْصِنِي قَالَ لَا

ہریرہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں عرض کی کہ آپ مجھے وصیت کوئی فرمایا کہ غصہ مت کر

تَغْضَبْ فَرَدَّدَ مِرَارًا قَالَ لَا تَغْضَبْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ

پس بار بار عرض کیا اوس شخص نے آپنے فرمایا غصہ مت کر ۔ روایت کی یہ بخاری نے ابوہریرہ سے روایت ہے کہ

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِي نَفْسِهِ

فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مومن مرد سے اور عورت کے نفس

وَوَلَدِهِ وَمَالِهِ حَتَّى يَلْقَى اللّٰهَ تَعَالَى وَمَا عَلَيْهِ خَطِيئَةٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ

اور اولاد اور مال میں ہمیشہ مصیبت رہا کرتی ہے تاکہ قیامت کو جب اللہ تعالے کے روبرو جاوے تو اوسپر کوئی گناہ نہ ہو ۔ روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا

حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ

حدیث حسن صحیح ہے ابن عباس بیان کرتا ہے کہ عیینہ ابن حصن

فَنَزَلَ عَلَى ابْنِ أَخِيهِ الْحُرِّ بْنِ قَيْسٍ وَكَانَ مِنَ النَّفَرِ الَّذِينَ يُدْنِيهِمْ عُمَرُ

اپنے بھتیجے حر بن قیس کے ہاں آکر اوترا اور حر عمر رضہ کے مقربوں میں سے تھا

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَكَانَ الْقُرَّاءُ أَصْحَابَ مَجْلِسِ عُمَرَ وَمَشَاوِرَتِهِ كُهُولًا كَانُوا

اور عمر رضہ کے مصاحب اور مشاور قرار ہوا کرتے تھے چاہے بڑے ہوں

وَشُبَّانًا فَقَالَ عُيَيْنَةُ لِابْنِ أَخِيهِ يَا ابْنَ أَخِي لَكَ وَجْهٌ عِنْدَ هٰذَا الْأَمِيرِ

خواہ جوان جنہیں نے اپنے بھتیجے کو کہا کہ اس امیر کے دربار میں تیری عزت ہے

فَاسْتَأْذِنْ لِي عَلَيْهِ فَاسْتَأْذَنَ فَأَذِنَ لَهُ عُمَرُ فَلَمَّا دَخَلَ قَالَ هِيْ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ

تو میرے واسطے اس سے اجازت طلب کر۔ اسنے عمر رضہ سے اذن مانگا عمر رضہ نے اذن دیدیا جب عیینہ دربار میں آیا تو بولا کیا میرے بیٹے

فَوَاللّٰهِ مَا تُعْطِينَا الْجَزْلَ وَلَا تَحْكُمُ فِينَا بِالْعَدْلِ فَغَضِبَ عُمَرُ رض حَتّٰى هَمَّ أَنْ يُوقِعَ بِهِ

واللہ نہ تو ہمیں بہت عطا دیتا ہے اور نہ تو ہم میں عدالت کرتا ہے عمر رضہ یہ سنکر غضبناک ہوگئے اور ارادہ کیا کہ اس سے لڑائی کرے

فَقَالَ لَهُ الْحُرُّ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حر نے کہا یا امیر المومنین اللہ تعالے نے اپنے نبی صلے اللہ

وَسَلَّمَ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ وَإِنَّ هٰذَا مِنَ الْجَاهِلِينَ

علیہ وسلم کو فرمایا ہے کہ عفو کو اپنی عادت کر اور نیکی کا امر کر اور جاہلوں سے اعراض کر اور یہ شخص جاہلوں میں سے ہے واللہ

وَاللّٰهِ مَا جَاوَزَهَا عُمَرُ حِينَ تَلَاهَا عَلَيْهِ وَكَانَ وَقَّافًا عِنْدَ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى رَوَاهُ

جب حر نے یہ آیت پڑھی تو عمر رضہ نے اس سے تجاوز نہ کیا اور کتاب اللہ سنکر عمر رضہ ہی توقف کیا کرتا تھا روایت کی

الْبُخَارِيُّ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رض أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّهَا

بخاری نے۔ ابن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے یاروں کو فرمایا

سَتَكُونُ بَعْدِي أَثَرَةٌ وَأُمُورٌ تُنْكِرُونَهَا فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَمَا تَأْمُرُنَا

کہ میرے بعد تم پر خود غرضی کی تقدیم ہوگی اور ایسے کام ہونگے جو تم کو بُرے معلوم ہونگے یاروں نے کہا یا رسول اللہ پھر آپ ہمکو حکم کیا کرتے ہیں

قَالَ تُؤَدُّونَ الْحَقَّ الَّذِي عَلَيْكُمْ وَتَسْأَلُونَ اللّٰهَ الَّذِي لَكُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

حضرت نے فرمایا کہ جو تم پر حاکم کی اطاعت کا حق ہے اوسکو ادا کیجیو اور اپنا حق خدا سے مانگیو متفق علیہ

وَالْأَثَرَةُ الِانْفِرَادُ بِالشَّيْءِ عَمَّنْ لَهُ فِيهِ حَقٌّ وَعَنْ أَبِي يَحْيٰى أُسَيْدِ بْنِ

اور اثرہ کے معنی یہ ہیں کہ کسی چیز میں کسیکا حق ہو اور حقدار کو محروم کرکے خود تنہا حکم آپ ہی اسمیں متصرف ہو جائے یا جسکو چاہے دیدے یا اور بھی اسکے

حُضَيْرٍ رض أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَا تَسْتَعْمِلُنِي كَمَا اسْتَعْمَلْتَ

بن حضیر بیان کرتا ہے کہ ایک انصاری نے رسول اللہ صلعم کو کہا کہ جیسا فلان شخص کو عامل بنایا ہے دیسا ہی مجھے بھی عامل

فُلَانًا فَقَالَ إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً فَاصْبِرُوا حَتّٰى تَلْقَوْنِي عَلَى الْحَوْضِ

بنا میں آپنے فرمایا کہ تم میری بعد دیکھو گے اثرہ کو تو پس صبر کرو تاکہ حوض پر مجھ سے ملاقات کرو۔

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَأُسَيْدٌ بِضَمِّ الْهَمْزَةِ وَحُضَيْرٌ بِحَاءٍ مُهْمَلَةٍ مَضْمُومَةٍ وَضَادٍ

متفق علیہ اور اسید ساتھ ضمہ ہمزہ کے ہے اور حضیر ساتھ حا مہملہ مضموم کے اور ضاد

مجمعة مفتوحة والله تعالى اعلم وعن ابي ابراهيم عبد الله بن ابي اوفى
اور ضد مفتوح ہے فیصلے وعدے کے ہوا اور حقیقت امر اللہ ہی خوب جانتا ہے ابو ابراہیم عبد اللہ بن ابی اوفی
رضي الله عنهما ان رسول الله صلى الله عليه وسلم في بعض ايامه التي
رضی اللہ عنہما بیان کرتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دشمن سے مقابلہ کے
لقي فيها العدو انتظر حتى اذا مالت الشمس قام فيهم فقال يا ايها الناس
جس دن میں استقبال کیا یہاں تک کہ سورج مائل ہو گیا اوسوقت آپ کھڑے ہوئے اور فرمایا اے لوگو
لا تتمنوا لقاء العدو واسألوا الله العافية فاذا لقيتموهم فاصبروا و
دشمن سے مقابلہ کی آرزو مت کرو اور خدا تعالیٰ سے عافیت مانگا کرو اور جب دشمن سے مقابلہ ہو جائے تو صبر کرو اور
اعلموا ان الجنة تحت ظلال السيوف ثم قال النبي صلى الله عليه وسلم
جان لو کہ بہشت تلواروں کے سایہ کے نیچے ہے پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
اللهم منزل الكتاب ومجري السحاب وهازم الاحزاب اهزمهم و
اللہ تو اپنے کے نازل کرنیوالے اور بادل کے چلانیوالے اور لشکروں کے ہزیمت دینے والے ان کو ہزیمت دے اور
انصرنا عليهم متفق عليه وبالله التوفيق
ہماری مدد کر۔ متفق علیہ اور اللہ تعالیٰ کے توفیق ہے

الباب الرابع في الصدق

چوتھا باب صدق کے بیان میں

قال الله تعالى يا ايها الذين امنوا اتقوا الله وكونوا مع الصادقين
خدا تعالیٰ فرماتا ہے اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور سچ بولنے والوں کے ساتھ ہو جاؤ اور
وقال الصادقين والصادقات وقال تعالى فلو صدقوا الله
فرماتا ہے اور سچ بولنے والے مرد اور سچ بولنے والی عورتیں اور فرمایا ہے اگر اللہ تعالیٰ سے سچ بولتے
لكان خيرا لهم واما الاحاديث فالاول عن ابن مسعود رضي عن
تو انکے حق میں بہتر ہوتا اور اس مضمون کی حدیثیں بیس ہیں پہلی یہ ہے ابن مسعود رضی سے روایت ہے
النبي صلى الله عليه وسلم قال ان الصدق يهدي الى البر وان البر يهدي
کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بیشک سچ بولنا نیکی کو ہدایت کرتا ہے اور نیکی بہشت میں
الى الجنة وان الرجل ليصدق حتى يكتب عند الله صديقا وان الكذب
پہنچاتی ہے اور آدمی سچ بولا کرتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا سچا لکھا جاتا ہے اور جھوٹ بولنا۔

يهدي الى الفجور وان الفجور يهدي الى النار وان الرجل ليكذب حتى
لَمَّا رَمَی الْجَمْرَۃَ وَنَحَرَ نُسُکَہٗ وَحَلَقَ نَاوَلَ الْحَلَّاقَ شِقَّہُ الْاَیْمَنَ فَحَلَقَہٗ ثُمَّ

کہ جب جمرہ کو کنکر مارے اور قربانی کی اور سر منڈانا سر کے داہنی طرف والے حلاق کے آگے کیا اسنے مونڈ دیے بحمر

دَعَا اَبَا طَلْحَۃَ الْاَنْصَارِیَّ فَاَعْطَاہُ اِیَّاہُ ثُمَّ نَاوَلَہٗ شِقَّہُ الْاَیْسَرَ فَقَالَ اِحْلِقْ

آپنے ابو طلحہ انصاری کو وہ بال عطا فرمائے پھر بائیں طرف آگے کرکے حلاق کو فرمایا کہ مونڈ

فحلقه فاعطاه ابا طلحة فقال اقسمه بين الناس

اُسنے مونڈھ دیا آپ نے وہ بال بھی ابو طلحہ کو دیکر فرمایا کہ لوگوں کو بانٹ دے تو

الباب الثانی بعد المائة فی کتاب الاطعمة وفیہ ابواب

باب ایکسو دو طعام کے آداب کے بیان میں

باب فی التسمیة فی اوله والحمد فی اٰخره عن عمر بن ابی سلمة رضی

باب طعام کے اول بسم اللہ پڑھنے اور آخر الحمد پڑھنے کے بیان میں عمر بن ابی سلمہ رضہ سے

اللہ عنہما قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سم اللہ وکل بیمینک

روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے مجھے فرمایا کہ بسم اللہ کر اور داہنے ہاتھ سے

وکل مما یلیک متفق علیہ وعن عائشة رضی اللہ عنہا قالت قال

اپنے آگے سے کھا متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اکل احدکم فلیذکر اسم اللہ تعالٰی فان

کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی کھانا شروع کرے تو اللہ تعالٰی کا نام لیا کرے اور اگر

نسی ان یذکر اسم اللہ تعالٰی فی اوله فلیقل بسم اللہ اوله واٰخره رواه

شروع کرتے وقت اللہ تعالٰی کا نام لینا بھول جائے تو بسم اللہ اولہ واخرہ کہہ لیا کرے روایت کی یہ

ابو داود والترمذی وقال حدیث حسن صحیح وعن جابر رضی اللہ عنہ

ابو داود اور ترمذی نے اور کہا حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے جابر رضہ سے

قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا دخل الرجل بیته فذکر

کہ میں نے سنا رسول اللہ صلعم سے کہ فرماتے تھے کہ جب آدمی اپنے گھر میں آتا ہے اور

اللہ تعالٰی عند دخوله وعند طعامه قال الشیطان لا مبیت لکم ولا

اللہ آپنے وقت داخل ہونے کے اور کھانا کھاتے وقت اللہ کا نام لیتا ہے تو شیطان کہتا ہے کہ تمہارے لئے رات رہنے کی جگہ ہے اور نہ تم کو

عشاء واذا دخل فلم یذکر اللہ تعالٰی عند دخوله قال الشیطان

رات کا کھانا ہے اور جب گھر میں آپنے وقت اللہ تعالٰی کا نام نہیں ذکر کرتا تو شیطان

ادرکتم المبیت واذا لم یذکر اسم اللہ تعالٰی عند طعامه قال ادرکتم المبیت

کہتا ہے تمہارے لئے رات رہنے کی جگہ مل گئی اور جب کھانے وقت اللہ تعالٰی کا نام نہیں لیتا تو کہتا ہے تم کو جگہ رات رہنے کو اور

والعشاء رواه مسلم وعن حذیفة رضی اللہ عنہ قال کنا اذا حضرنا

کھانا دونوں کے رواہ مسلم اور روایت ہے حذیفہ رضہ سے کہا کہ جب ہم کو

مع رسول الله صلى الله عليه وسلم طعاما لم نضع ايدينا حتى يبدأ رسول الله
رسول اللہ صلعم کے ساتھ کہانے کا اتفاق ہوجاتا تو ہم کہانے میں ہاتھ نہ ڈالتے جب تک رسول اللہ
صلى الله عليه وسلم فيضع يده وانا حضرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم طعاما فجاءت جارية
صلعم پہلے کہانا نہ شروع کرتے اور ایکبار ہم آپکے ساتھ کہانے کو آئے تو ایک لڑکی دوڑتی آئے
كانها تدفع فذهبت لتضع يدها في الطعام فاخذ رسول الله صلى الله
گویا کوئی اسکو دھکیلے لیتا ہے اور بردین اللہ کہانے میں ہاتھ ڈالنا چاہا رسول اللہ صلعم نے
عليه وسلم يدها ثم جاء اعرابي كانما يدفع فاخذ بيده فقال رسول الله
علیہ وسلم نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا پھر ایسا ہی ایک اعرابی دوڑتا ہوا آیا اور کھانے میں ہاتھ ڈالنا چاہا آپنے اسکا ہاتھ بھی پکڑ لیا پھر فرمایا
صلى الله عليه وسلم ان الشيطان يستحل الطعام ان لا يذكر اسم الله تعالى
کہ بیشک شیطان حلال جانتا ہے اس کہانے کو جس پر خدا کا نام نہ لیا جاوے
عليه وانه جاء بهذه الجارية ليستحل بها فاخذت بيدها فجاء بهذا
اور شیطان اس لڑکی کو ساتھ لیکر آیا تھا کہ اسکے سبب سے اپنے اسکا ہاتھ پکڑا لیا ہے پھر اس
الاعرابي ليستحل به فاخذت بيده والذي نفسي بيده ان يده
اعرابی کو ساتھ لایا تاکہ اسکے سبب سے کھانا حلال کرے سو میں نے اسکا بھی ہاتھ پکڑ لیا قسم ہے اسکی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے کہ شیطان کا ہاتھ
في يدي مع يدها ثم ذكر اسم الله تعالى واكل رواه مسلم وعن امية
ان دونوں کے ہاتھوں کے ساتھ میرے ہاتھ میں ہے روایت کی اسکو مسلم نے اور امیہ
ابن مخشي الصحابي رضي الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه و
ابن مخشی صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم علیہ و
سلم جالسا ورجل يأكل فلم يسم حتى لم يبق من طعامه الا لقمة فلما رفعها
سلم بیٹھے تھے اور ایک شخص کہاتا تھا اور اس نے اللہ کا نام نہیں لیا تھا یہانتک کہ کہانے میں سے ایک لقمہ باقی رہا جب اسنے وہ لقمہ
الى فيه قال بسم الله اوله واخره فضحك النبي صلى الله عليه وسلم ثم قال
منہ کیطرف اٹھایا تو کہا بسم اللہ اولہ و آخرہ رسول اللہ صلعم ہنسے اور فرمایا
ما زال الشيطان يأكل معه فلما ذكر اسم الله استقاء ما في بطنه رواه ابو داود
کہ شیطان اسکے ساتھ کہاتا تھا جب اسنے اللہ کا نام لیا تو شیطان نے سب کہانا جو پیٹ میں سے تھا کے دیا ۱۲ روایت کی اسکو ابوداود
والنسائي وعن عائشة رضي الله عنها قالت كان رسول الله صلى الله
اور نسائی نے اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہا کہ رسول اللہ صلعم

علیہ وسلم یاکل طعاما فی ستۃ من اصحابہ فجاء اعرابی فاکلہ بلقمۃ
علیہ وسلم اپنے چھ ساتھیوں میں کھانا کھا رہے تھے کہ ایک اعرابی آیا اور دو لقموں میں سب کھانا ختم کر دیا
فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اما انہ لو سمی لکفاکم رواہ الترمذی
رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اگر یہ بسم اللہ پڑھ لیتا تو سب کو کفایت کر جاتا۔ اس حدیث کو ترمذی نے اور
وقال حدیث حسن صحیح وعن ابی امامۃ رضی اللہ عنہ ان النبی صلی
کہا حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو امامہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ
علیہ وسلم کان اذا رفع مائدتہ قال الحمد للہ حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ
علیہ وسلم کے آگے سے دسترخوان اٹھایا جاتا تھا تو آپ کہتے تھے خدا کو
غیر مکفی ولا مستغنی عنہ ربنا رواہ البخاری وعن معاذ بن انس
شکر ایسی شکر کہ کفایت کرے اور اسکی کچھ حاجت نہ رہے اے ہمارے رب ہمارے تو ہی حمد کے لائق ہے۔ روایت کی اسے بخاری نے۔ اور معاذ بن انس
رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اکل طعاما و
سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا جو شخص کھانا کھا کر
الحمد للہ الذی اطعمنی ھذا ورزقنیہ من غیر حول منی ولا قوۃ غفر
سب تعریف اللہ کو جس نے مجھے یہ طعام کھلایا اور مجھ کو یہ روزی عنایت فرمائی میرے کچھ حول و قوۃ کے میری جانب سے ہو گئے
لہ ما تقدم من ذنبہ رواہ ابو داود والترمذی وقال حدیث حسن باب
پچھلے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ روایت کی اسے ابو داود اور ترمذی نے اور کہا حدیث حسن ہے۔ باب
فیمن لا یعیب الطعام واستحباب تلحسہ وامر بلعقۃ عن ابہر یرۃ رضی اللہ عنہ
طعام کے عیب نہ کرنے اور طعام کو چاٹ لینے کے مستحب ہونے کے بیان میں۔ روایت ہے ابو ہریرہ رضؓ سے کہا کہ
قال ما عاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طعاما قط ان اشتھاہ اکلہ
رسول اللہ صلعم نے کبھی کھانے کو عیب نہیں کیا اگر
گرھہ ترکہ متفق علیہ وعن جابر رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ
اس کھانے کی چاہ ہوئی تو کھا لیا ورنہ چھوڑ دیا۔ متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر رضؓ سے کہ نبی
سئل اھلہ الادم فقالوا ما عندنا الا خل فدعا بہ فجعل یاکل بقم
صلعم نے
اپنے گھر والوں سے سالن طلب کیا انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس سرکہ کے سوا کچھ نہیں تو آپ سرکہ منگوا کر کھانا شروع کیا اور فرماتے تھے سرکہ کیا خوب
الادام الخل رواہ مسلم باب فیما یقولہ من حضر
سالن ہے سرکہ کا۔ روایت کی اسے مسلم نے۔ باب اس بیان میں کہ جب کوئی شخص

الطعام وهو صائم اذا لم يفطر عن ابي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول
کھانیکو بلایا جائے اور وہ روزہ دار ہو جب روزہ نہ توڑ سکے تو کیا کھے اور ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ فرمایا رسول
الله صلى الله عليه وسلم اذا دعي احدكم فليجب فان كان صائما فليصل
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کھانیکے واسطے بلایا جائے تو قبول کرلے اگر روزہ دار ہو تو اسکے حق میں دعا کرے اگر
وان كان مفطرا فليطعم رواه مسلم قال العلماء معنى فليصل فليدع
روزہ دار نہ ہو تو کھانا کھالیوے۔ روایت کی یہ مسلم نے۔ کہا علماء نے معنی فلیصل یعنی دعا کرے اور
ومعنى فليطعم فليأكل باب فيما يقوله من دعي الى طعام فتبعه غيره
فلیطعم یعنی کھانا کھاوے۔ یہ باب اس بیان میں کہ اگر کوئی شخص کھانیکو بلایا جائے اور کوئی دوسرا بدون بلائے آجائے تو کیا کہے
عن ابي مسعود البدري رضي الله عنه قال دعا رجل النبي صلى الله
روایت ہے ابو مسعود بدری سے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو طعام کیلئے
عليه وسلم لطعام صنعه له خامس خمسة فتبعهم رجل فلما بلغ الباب
بلایا آپ پانچ آدمیوں سے پانچویں اسکے پیچھے ایک آدمی آگیا جب دروازے پر
قال النبي صلى الله عليه وسلم ان هذا تبعنا فان شئت ان تاذن له وان
تو آپ نے صاحب دعوت کو کہدیا کہ یہ شخص ہمارے پیچھے چلا آیا ہے اگر تو چاہے اسکو اذن دے اگر تو چاہے پھر واپس چلا جائے
شئت رجع قال بل اذن له يا رسول الله متفق عليه باب في الاكل مما
اسنے کہا یا رسول اللہ بلکہ اسکو اذن دیا متفق علیہ باب اپنے سے
يليه وعظه وتاديبه من يتبرى اكله عن عمر بن ابي سلمة رضي الله
قریب کھانے اسکی تادیب و تعلیم کے بیان میں عمر بن ابی سلمہ سے روایت ہے
عنهما قال كنت غلاما في حجر رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانت يدي
کہا میں نے کہا میں رسول اللہ کی گود میں لڑکا تھا اور کھانے پر میرا ہاتھ جدھر چاہتا تھا ادھر پھرتا تھا
تطيش في الصحفة فقال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم يا غلام سم الله و
آپ نے مجھے فرمایا اے لڑکے اللہ تعالے کا
كل بيمينك وكل مما يليك متفق عليه قوله تطيش بكسر الطاء وبعدها
اپنے داہنے ہاتھ سے کھا اپنے آگے سے کھا متفق علیہ قولہ تطیش بکسر طا کے بعد
ياء مثناة من تحت مشددة ثم شين معجمة اي تذهب الى نواحي الصحفة ومن جميع
یا ہے نقطہ والی پھر شین سے یعنی گھومتا تھا اور دائر ہوتا تھا کاسے کے کناروں کے طرف

ابن الاکوع رضی اللہ عنہ ان رجلا اکل عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ
ابن الاکوع رضہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلعم کے پاس بائیں ہاتھ سے کھانا کھاتا
وسلم بشمالہ فقال کل بیمینک قال لا استطیع قال لا استطعت فما منعہ
وسلم نے اسکو فرمایا داہنے ہاتھ سے کھا اس نے کہا میں داہنے ہاتھ سے نہیں کھا سکتا آپ نے فرمایا تو کھا سکے۔ پھر طاقت نہ ہوئی اور کبر نے اسکو
الا الکبر فرفعہا الی فیہ رواہ مسلم باب فی النہی عن القران بین
روکا تو اس نے ہاتھ کو منہ تک اٹھا لیا۔ روایت کیا اسکو مسلم نے باب جامع نہی آدمی کو کھانے میں دو دو کھجور
تمرتین ونحوہما اذا اکل جماعۃ الا باذن رفقتہ عن جبلۃ بن سحیم قال
دو دو یا زیادہ ایک دفعہ کھانے سے بجز اجازت ساتھیوں کے۔ روایت ہے جبلہ بن سحیم سے کہا کہ ہم کو
اصابنا عام سنۃ مع ابن الزبیر فرزقنا تمرا وکان عبد اللہ بن عمر رضی
عبد اللہ بن زبیر کے ساتھ قحط سالی آئی ہم کو کھانے کو کھجوریں دی گئیں ہم کھاتے تھے اور عبد اللہ بن عمر
عنہما یمر بنا ونحن نأکل فیقول لا تقارنوا بین تمرتین فان النبی صلی اللہ
اس حالت میں ہمیں گزرتے اور ہمکو کہا کرتے کہ تم دو دو کھجور ایک دفعہ نہ کھاؤ کہ نبی صلے اللہ علیہ
علیہ وسلم نہی عن القران ثم یقول الا ان یستاذن الرجل اخاہ متفق علیہ
وسلم نے منع کیا ہے ایسے منع فرمایا ہے پھر کہا مگر یہ کہ آدمی اپنے بھائی دل سے اجازت لیوے۔ متفق علیہ
باب ما یقولہ ویفعلہ من یاکل ولا یشبع عن وحشی بن حرب رضی
باب اس امر کے بیان میں کہ جو شخص کھانا کھائے اور اسکا پیٹ نہ بھرے تو کیا کرے۔ روایت ہے وحشی بن حرب سے
اللہ عنہ ان اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالوا یا رسول اللہ انا
کہ رسول اللہ صلعم کے یاروں نے کہا یا رسول اللہ ہم
ناکل ولا نشبع قال فلعلکم تفترقون قالوا نعم قال فاجتمعوا علی طعامکم
کھاتے ہیں اور سیر نہیں ہوتے آپ نے فرمایا شاید تم اپنے اپنے کھانے جدا جدا کھاتے ہو انہوں نے کہا ان آپ نے فرمایا کھانے پر جمع ہو جایا کرو اور
واذکروا اسم اللہ یبارک لکم فیہ رواہ ابو داود باب الامر بالاکل عن جانبہ
اللہ کا نام لیا کرو کہ تمہارے لئے اس کھانے میں برکت ہو جائیگی۔ روایت کیا اسکو ابو داود نے۔ باب ہر شخص کو کھانے میں برتن کے ایک طرف سے
القصعۃ والنہی عن الاکل من وسطہا فیہ قولہ صلی اللہ علیہ وسلم وکل
کھانے اور اسکے درمیان سے کھانے کی نہی کے بیان میں ان حدیثوں میں سے ہے یہ قول علیہ السلام کا
مما یلیک متفق علیہ کما سبق وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما عن
کہ اپنے آگے سے کھاؤ متفق علیہ جیسا گذرا۔ اور ابن عباس رضہ سے روایت ہے

النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال البرکۃ تنزل وسط الطعام فکلوا من حافتیہ
نبی صلعم نے کہ برکت طعام کی وسط میں نازل ہوتی ہے پس طعام کے کناروں سے کھایا کرو

ولا تاکلوا من وسطہ رواہ ابوداود والترمذی وقال حدیث حسن صحیح
اور وسط میں سے مت کھایا کرو۔ روایت کی یہ ابو داؤد اور ترمذی نے اور کہا حدیث حسن صحیح ہے

وعن عبد اللہ بن بسر رضی اللہ عنہ قال کان للنبی صلی اللہ علیہ وسلم
اور روایت ہے عبد اللہ بن بسر رض سے کہا کہ نبی صلعم کے پاس

قصعۃ یقال لہا الغراء ویحملہا اربعۃ رجال فلما اضحوا وسجدوا الضحی
ایک قصعہ تھا کہ اسکو غرا کہا جاتا اسکو چار آدمی اٹھایا کرتے تھے جب صبح کی انہوں نے اور چاشت کی نماز پڑھ لی تو

اتی بتلک القصعۃ یعنی وقد ثرد فیہا فالتفوا علیہا فلما کثروا اجثا رسول
قصعہ کو لایا گیا یعنی ثرید کیا ہوا تھا پس سب اسپر جمع ہو گئے جب بہت ہو گئے تو رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اعرابی ما ہذہ الجلسۃ قال رسول اللہ صلی اللہ
اللہ صلعم زانو پر ہو کر بیٹھ گئے ایک بدوی نے کہا یہ کیسی بیٹھک ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

علیہ وسلم ان اللہ جعلنی عبدا کریما ولم یجعلنی جبارا عنیدا ثم قال رسول
وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے بندہ کریم بنایا ہے اور جبار سرکش متکبر نہیں بنایا پھر رسول اللہ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کلوا من حوالیہا ودعوا ذروتہا یبارک فیہا رواہ ابوداود
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھاؤ کنارہ سے اور چھوڑ دو اسکی چوٹی برکت کی جائے گی روایت کی ابو داؤد نے

باسناد صحیح ذروتہا اعلاہا بکسر المذال وضمہا باب کراہیۃ الاکل
اسناد صحیح سے ذروتہا اونچائی اوسکی ساتھ کسرہ ذال کے اور ضمہ اسکے ہے باب مکروہ ہونا کھانے کے

متکئا عن ابی جحیفۃ وہب بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول
تکیہ لگا کر ابو جحیفہ وہب بن عبد اللہ رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا اکل متکئا رواہ البخاری قال الخطابی لمتکئ
اللہ صلعم نے نہیں کھاتا میں تکیہ لگا کر نہیں کھاتا۔ روایت کی یہ بخاری نے کہا خطابی نے تکیہ کرنے والے سے مراد

ہہنا ہو الجالس معتمدا علی وطاء تحتہ قال وارادانہ لا یقعد علی الوطاء
اس جگہ بیٹھنے والا ہے تکیہ کر کے اوپر بچھونے کے جو تلے اسکے ہو کہا اور ارادہ کیا حضرت صلعم نے یہ کہ نہ بیٹھے بچھونے اور

والوسائد کفعل من یرید الاکثار من الطعام بل یقعد مستوفزا لا مستوطئا
سرہانوں پر جیسے کام ہو اس شخص کا جو چاہتا ہے بہت کھانا طعام کا بلکہ بیٹھے پاؤں آرام نہ راحت پکڑ کے وہ

وَيَأْكُلُ بُلْغَةً هٰذَا كَلَامُ الْخَطَّابِيِّ وَأَشَارَ غَيْرُهُ عَلَى أَنَّ الْمُتَّكِئَ هُوَ الَّذِي يَأْكُلُ
جنبه والله اعلم وعن انس رضي الله عنه قال رأيت رسول الله صلى
الله عليه وسلم جالسا مقعيا يأكل تمرا رواه مسلم المقعي هو الذي يلصق
اليتيه بالأرض وينصب ساقيه باب استحباب الأكل بثلثة
اصابع واستحبابها لعق الأصابع وكراهية مسحها قبل لعقها واستحبابها
لعق القصعة واخذ اللقمة التي تسقط منه وأكلها وجواز مسحها بعد
اللعق بالساعد ونحوه وغيرهما عن ابن عباس رضي الله عنهما
قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا أكل احدكم طعاما فلا يمسح
اصابعه حتى يلعقها او يلعقها وعن كعب بن مالك رضي الله
عنه قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يأكل بثلث اصابع فاذا
فرغ لعقها رواه مسلم وعن جابر رضي الله عنه ان رسول الله صلى
الله عليه وسلم امر بلعق الاصابع والقصعة وقال انكم لا تدرون في
اي طعامكم البركة رواه مسلم وعنه ان رسول الله صلى الله عليه

قال اذا وقعت لقمة احدكم فليأخذها فليمط ما كان بها من اذى وليأكلها
فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو اسکو اٹھالے اور کچھ الائش مٹی وغیرہ جو اسکے ساتھ لگی ہو دور کرکے کھالیا کرے اور وہ

ولا يدعها للشيطان ولا يمسح يده بالمنديل حتى يلعق اصابعه فانه لا
تم شیطان کیلئے نہ چھوڑے اور انگلیوں کے چاٹنے سے پہلے ہاتھ رومال سے نہ پونچھے اسلئے کہ تم

يدري في اي طعامه البركة رواه مسلم وعنه ان رسول الله صلى الله
جانتا کہ کونسے کھانے میں برکت ہے روایت کی یہ مسلم نے اور اسی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ

عليه وسلم قال ان الشيطان يحضر احدكم عند كل شيء من شانه حتى يحضره
وسلم نے فرمایا کہ شیطان تمہارے سب کاموں میں حاضر ہوتا ہے یہاں تک

عند طعامه فاذا سقطت لقمة احدكم فليأخذها وليمط ما كان بها من
کہ کھانے پر بھی حاضر ہوتا ہے جب تم میں کسی کا لقمہ گر جائے تو اسکو اٹھا کر جو کچھ اسکو

اذى ثم ليأكلها ولا يدعها للشيطان فاذا فرغ فليلعق اصابعه فانه
الائش لگی ہو دور کرکے کھالیا کرے اور شیطان کیلئے نہ چھوڑے جب فارغ ہو تو انگلیاں چاٹ لیا کرے کیونکہ اسکو

لا يدري في اي طعامه البركة رواه مسلم وعن انس رضي الله عنه
معلوم نہیں کہ کونسے طعام میں برکت ہے روایت کی یہ مسلم نے اور انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اكل طعاما لعق اصابعه
کہ رسول اللہ صلعم جب کھانا کھالیتے تو اپنی تین انگلیاں چاٹ لیا کرتے

الثلث وقال اذا سقطت لقمة احدكم فليأخذها وليمط عنها الاذى
اور فرمایا کرتے کہ جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے پس چاہئے اسکو اٹھالے اور اس سے الائش دور کرکے

وليأكلها ولا يدعها للشيطان وامر ان تسلت القصعة وقال انكم لا
کھالیا کرے اور شیطان کیلئے نہ چھوڑے اور ہمکو امر کیا کہ ہم رکابی کو پونچھ لیا کریں اور فرمایا کہ تم نہیں

تدرون في اي طعامكم البركة رواه مسلم وعن سعيد بن حارث قال
جانتے کہ تمہارے کونسے طعام میں برکت ہے روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے سعید بن حارث سے کہ

سالت جابرا رضي الله عنه عن الوضوء مما مست النار فقال قد كنا زمن النبي
میں نے جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ جس چیز کو آگ نے چھوا ہو اس سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں فرمایا کہ ہم زمانہ نبی

صلى الله عليه وسلم لا نجد مثل ذلك الطعام الا قليلا فاذا نحن وجدناه لم يبزنا
صلعم کے وقت ایسے طعام کم ملا کرتا تھا جب ہم کو کہیں مل جاتا تو ہمارے پاس

مَنَادِيلُ إِلَّا أَكْفَنَا وَسَوَاعِدَنَا وَأَقْدَامَنَا ثُمَّ نُصَلِّي وَلَا نَتَوَضَّأُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

ہاتھوں اور بازوؤں اور قدموں کے سوا رومال نہیں رکھتے تھے پھر ہم کھڑے ہو کر نماز پڑھ لیا کرتے تھے اور وضو نہیں کیا کرتے تھے۔ روایت کی یہ بخاری نے

بَابُ تَكْثِيرِ الْأَيْدِي عَلَى الطَّعَامِ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ

باب کھانے پر آدمی زیادہ کرنے کے بیان میں۔ ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامُ الِاثْنَيْنِ كَافِي الثَّلَاثَةِ وَطَعَامُ الثَّلَاثَةِ

کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ دو آدمی کا کھانا تین آدمی کو کفایت کرتا ہے اور تین آدمی کا کھانا

كَافِي الْأَرْبَعَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ

چار کو کافی ہے۔ متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر رضی سے کہ

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الِاثْنَيْنِ وَطَعَامُ الِاثْنَيْنِ

اللہ صلعم سے کہ فرماتے تھے کہ ایک آدمی کا کھانا دو کو کفایت کرتا ہے اور دو آدمی کا کھانا

يَكْفِي الْأَرْبَعَةَ وَطَعَامُ الْأَرْبَعَةِ يَكْفِي ثَمَانِيَةً رَوَاهُ مُسْلِمٌ

چار کو کفایت کرتا ہے اور چار آدمی کا کھانا آٹھ کو کفایت کرتا ہے۔ روایت کی یہ مسلم نے

اَلْبَابُ الثَّالِثُ بَعْدَ الْمِائَةِ فِي آدَابِ الشُّرْبِ وَفِيهِ أَبْوَابٌ

باب ایسو تین پینے کے آداب کے بیان میں اور اس میں کئی باب ہیں۔

بَابُ اسْتِحْبَابِ التَّنَفُّسِ ثَلَاثًا خَارِجَ الْإِنَاءِ وَكَرَاهَةِ التَّنَفُّسِ فِي الْإِنَاءِ

باب برتن سے باہر تین بار سانس لینے کے مستحب ہونے کے بیان میں اور برتن کے اندر سانس لینے کی کراہت میں

وَاسْتِحْبَابِ إِدَارَةِ الْإِنَاءِ عَلَى الْأَيْمَنِ فَالْأَيْمَنِ بَعْدَ الْمُبْتَدِئِ عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ

اور برتن کو جہاں سے شروع ہوا اس سے داہنی طرف کو پھیرنے کے مستحب ہونے کے بیان میں۔ انس رضی سے روایت ہے

عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الشَّرَابِ ثَلَاثًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

کہ نبی رسول اللہ صلعم سے کہ تھے دم لیتے تھے درمیان پانی پینے کے تین بار۔ روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے

وَعَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ

يَتَنَفَّسُ خَارِجَ الْإِنَاءِ وَعَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ

برتن کے باہر دم لیتے تھے۔ اور ابن عباس رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَشْرَبُوا وَاحِدًا كَشُرْبِ الْبَعِيرِ وَلَكِنْ اشْرَبُوا مَثْنَى وَثُلَاثَ

فرمایا کہ نہ پیو تم ایک ہی دم سے مت پیا کرو جیسے اونٹ پیتا ہے لیکن پیا کرو دو دو اور

وَسَمُّوا إِذَا أَنْتُمْ شَرِبْتُمْ وَاحْمَدُوا إِذَا أَنْتُمْ رَفَعْتُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَدِيثٌ

تین تین دم لیکر پیا کرو۔ اور جب تم پی چکو برتن سے منہ کو تو بسم اللہ کہا کرو اور جب منہ سے الگ کرو تو الحمد للہ کہا کرو۔ روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا حدیث

حسن وعن ابی قتادۃ رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی

حسن ہے اور روایت ہے ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلعم نے

ان ینفس فی الاناء متفق علیہ یعنی ینفس فی نفس الاناء وعن

برتن میں دم پھونکنے سے منع کیا۔ متفق علیہ دم پھونکنے برتن کے اندر میں دم لینے سے منع کیا۔ اور روایت ہے انس

انس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتی بلبن قد شیب

رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس دودھ لایا گیا جس میں پانی ملایا ہوا تھا حاضر کیا گیا

بماء وعن یمینہ اعرابی وعن یسارہ ابو بکر رضی اللہ عنہ فشرب

اور آپ کی داہنی جانب ایک دیہاتی اور بائیں جانب ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے آپ نے پی لیا

ثم اعطی الاعرابی وقال الایمن فالایمن متفق علیہ قولہ فشرب

پھر دیہاتی کو اور فرمایا داہنی طرف پھر داہنی طرف والے متفق علیہ قولہ فشرب یعنے

ای خلط وعن سہل بن سعد رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ

ملایا گیا۔ اور روایت ہے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلے اللہ

علیہ وسلم اتی بشراب فشرب منہ وعن یمینہ غلام وعن یسارہ

علیہ وسلم کے پاس پینے کی چیز حاضر کی گئی آپ نے پی اور آپ کے داہنی جانب ایک لڑکا بیٹھا تھا۔ اور بائیں طرف

اشیاخ فقال للغلام اتاذن لی ان اعطی ہؤلاء فقال الغلام لا

بوڑھے آدمی بیٹھے تھے آپ نے لڑکے کو کہا کہ تو مجھے مناسب ہے کہ میں ان بوڑھوں کو دوں لڑکے نے کہا نہیں

واللہ لا اوثر بنصیبی منک احدا فتلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جو تجھ سے آپ حصے سے وہ میں کسی کو دونگا۔ پس رسول اللہ صلعم نے اسکے ہاتھ میں رکھ دیا۔ متفق

فی یدہ متفق علیہ تلہ ای وضعہ وہذا الغلام ہو ابن عباس رضی اللہ عنہما

علیہ رکھ دیا۔ اور وہ لڑکا ابن عباس رضی اللہ عنہما تھا۔

باب کراہۃ التنفس فی الاناء ونفخہ وذکرہ وبیان انہ کرامۃ

برتن وغیرہ کے منہ میں سے پھونکنے کی کراہت کے بیان میں اور اس امر کے بیان میں کہ یہ کراہت

وعن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ

اور روایت ہے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلے اللہ

علیہ وسلم عن اختناث الاسقیۃ یعنی ان تکسر افواہہا وتشرب منہا شفی

علیہ وسلم نے مشکوں کے منہ توڑ کر پینے سے یعنی یہ کہ توڑ کر اس میں اپنا منہ

عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

علیہ اور ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ سے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اَنْ يَّشْرَبَ مِنْ فِيْ السِّقَاءِ وَالْقِرْبَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اُمِّ ثَابِتٍ كَبْشَةَ

وسلم نے مشکیزہ اور مشک کے موہنہ سے منہ لگا کر پانی پینے سے منع کیا ہے متفق علیہ اور روایت ہے ام ثابت کبشہ

بِنْتِ ثَابِتٍ اُخْتِ حَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ

بیٹی ثابت کی سے جو بہن ہے حسان بن ثابت کی راضی ہو اللہ ان دونوں سے کہا

عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَرِبَ مِنْ فِيْ قِرْبَةٍ مُّعَلَّقَةٍ قَائِمًا

کہ پھول دی صلعم میرے ہاں تشریف لائے اور مشک لٹکی ہوئی کے موہنہ سے آپ نے کھڑے کھڑے موہنہ لگا کر پانی پیا

فَقُمْتُ اِلٰى فِيْهَا فَقَطَعْتُهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَاَمَّا

پھر اٹھ کر مشک کے موہنہ جہاں آپ کا موہنہ لگا تھا کاٹ لیا ترمذی نے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا حدیث حسن صحیح ہے اسنے

قَصُّهَا لِتَحْفَظَ مَوْضِعَ فَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَتَبَرَّكَ بِهٖ وَ

اسکے کاٹ لیا کہ رکھے موہنہ لگنے کی جگہ تبرک کرنے اپنے پاس محفوظ رکھے اور

نَصُوْنَهٗ عَنِ الِابْتِذَالِ وَهٰذَا الْحَدِيْثُ مَحْمُوْلٌ عَلٰى بَيَانِ الْجَوَازِ وَالْحَدِيْثَانِ

اسکی بے ادبی سے اور یہ حدیث جواز پر محمول ہے اور پہلی دونوں حدیثوں میں

السَّابِقَانِ لِبَيَانِ الْاَكْمَلِ وَالْاَفْضَلِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بَابُ كَرَاهَةِ النَّفْخِ فِي

افضلیت کا بیان ہے واللہ اعلم باب پانی وغیرہ پینے کی چیز میں پھونک مارنے

الشَّرَابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

کراہت میں ابو سعید خدری رضی سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ فَقَالَ رَجُلٌ الْقَذَاةُ اَرَاهَا فِي الْاِنَاءِ

علیہ وسلم نے پینے کی چیز میں پھونک مارنے سے نہی فرمائی ایک آدمی نے کہا میں برتن میں تنکے دیکھتا ہوں

فَقَالَ اَهْرِقْهَا قَالَ اِنِّيْ لَا اَرْوٰى مِنْ نَفَسٍ وَّاحِدٍ قَالَ فَاَبِنِ الْقَدَحَ اِذًا عَنْ

کہا اسکو گرا دے کہا میں ایک سانس میں سیر نہیں ہوتا فرمایا اپنے موہنہ سے پیالہ علیحدہ کر دیا کر

فِيْكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِيَ

منہ سے ترمذی نے روایت کی اور کہا حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے ابن عباس رضی سے

اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّتَنَفَّسَ فِي الْاِنَاءِ اَوْ يُنْفَخَ فِيْهِ

کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نہی فرمائی اس سے کہ برتن میں دم لیا جائے یا پھونک ماری جائے

رواہ الترمذی وقال حدیث حسن صحیح باب بیان جواز الشرب قائما و

رواہ الترمذی نے اور کہا حدیث حسن صحیح ہے باب کھڑے ہو کر پینے کے جواز کے بیان میں اور

بیان ان الاکمل والافضل الشرب قاعدا فیہ حدیث انس السابق

اس امر کے بیان میں کہ بیٹھ کر پینا افضل ہے اس مضمون میں انس کی حدیث جو پہلے گزر چکی ہے

وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال سقیت النبی صلی اللہ علیہ و

اور روایت ہے ابن عباس رضی سے کہا میں نے نبی صلے اللہ علیہ

سلم من زمزم فشرب وھو قائم متفق علیہ وعن الزہری سبرۃ

وسلم کو زمزم کا پانی پلایا آپ نے کھڑے ہو کر پی لیا متفق علیہ اور روایت ہے زہری سے

رضی اللہ عنہ قال اتی علی باب الرحبۃ فشرب قائما وقال رایت

رضی سے کہا کہ علی رضی باب الرحبۃ میں آئے اور کھڑے کھڑے پانی پیا اور فرمایا کہ میں نے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فعل کما رایتمونی فعلت رواہ البخاری

رسول اللہ صلعم کو ایسا ہی کرتے دیکھا تھا جیسا تم مجھے کرتے دیکھتے ہو روایت کی یہ بخاری نے

وعن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال کنا نعد علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ

اور روایت ہے ابن عمر رضی سے کہا ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وسلم ناکل ونحن نمشی ونشرب ونحن قیام رواہ الترمذی وقال

وسلم کے وقت چلتے پھرتے کھایا کرتے تھے اور کھڑے پیا کرتے تھے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا

حدیث حسن صحیح وعن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ رضی اللہ

حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اسنے اپنے دادا سے کہا کہ میں

عنہ قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یشرب قائما وقاعدا رواہ

نے رسول اللہ صلعم کو دیکھا کھڑے اور بیٹھے دونوں حالتوں میں پی کرتے تھے روایت کی

الترمذی وقال حدیث حسن صحیح وعن انس رضی اللہ عنہ عن النبی

ترمذی نے اور کہا حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے انس رضی سے کہ نبی

صلی اللہ علیہ وسلم اتہ نہی ان یشرب الرجل قائما قال قتادۃ فقلنا

صلعم نے اس امر سے نہی فرمائی ہے کہ آدمی کھڑا ہو کر پانی پیئے قتادہ نے کہا ہم نے انس سے کہا کہ

فالاکل قال ذاک اشر او اخبث رواہ مسلم وفی روایۃ لہ ان قتادۃ

پھر کھانے کے بارے میں کیا حکم ہے تو کہا کہ وہ اس سے بھی برا اور خبیث تر ہے روایت کی یہ مسلم نے اور اسکی ایک روایت میں ہے کہ قتادہ نے

اللہ علیہ وسلم زجر عن الشرب قائما وعن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال

اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پینے سے زجر فرمایا ہے اور ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یشربن احدکم قائما فمن نسی

کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی کھڑے ہو کر ہرگز نہ پیوے اور جو بھول جائے تو چاہیے کہ قے کر دیا کرے

فلیستقیء رواہ باب استحباب کون ساقی القوم اخرہم شربا عن ابی

روایت کی یہ مسلم نے قتادہ باب اس امر کے بیان میں کہ لوگوں کے پلانے والا سب سے پیچھے پیا کرے ابو

قتادۃ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ساقی القوم اخرہم

قتادہ رضی سے روایت ہے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ لوگوں کو پلانے والا سب سے پیچھے پیوے

یعنی شربا رواہ الترمذی وقال حدیث حسن صحیح باب جواز الشرب

پیتے پینے میں روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا حدیث حسن صحیح ہے باب سونے چاندی

من جمیع الاوانی الطاہرۃ غیر الذہب والفضۃ وجواز الکوع وہو الشرب

کے برتنوں کے سوا دوسرے سب برتنوں میں بشرطیکہ پاک ہو پینے کے جواز میں

بالفم من النہر وغیرہ بغیر اناء ولا ید وتحریم استعمال اواني الذہب والفضۃ

دریا وغیرہ سے منہ لگا کر بدون برتن میں لینے اور بدون ہاتھ لگائے پینے کی جواز میں اور کھانے پینے اور طہارت

في الشرب والاکل والطہارۃ وسائر وجوہ الاستعمال عن انس رضی اللہ عنہ

وغیرہ وجوہ استعمال میں سونے چاندی کے برتن کا استعمال کرنے کھانے کی حرمت کے بیان میں انس رضی سے

قال حضرت الصلوۃ فقام من کان قریب الدار الی اہلہ وبقی قوم

کہا کہ نماز کا وقت آ گیا اور سو جو گھر والے اپنے اپنے گھر کو چلے گئے اور کچھ لوگ باقی رہ گئے پس

فاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمخضب من حجارۃ فصغر المخضب ان

رسول اللہ صلعم کے پاس ایک گن پیچھے کا ظرف لایا گیا مخضب چھوٹا نکلا اس سے

یبسط فیہ کفہ فتوضا القوم کلہم قالوا کم کنتم قال ثمانین وزیادۃ

کہ اس میں اپنا ہاتھ پھیلا سکیں پس سب لوگوں نے وضو کر لیا لوگوں نے پوچھا تم کتنے تھے اس نے کہا اسی سے کچھ زیادہ تھے

متفق علیہ وہذہ روایۃ البخاری وفی روایۃ لہ ولمسلم ان النبی صلی اللہ

متفق علیہ اور یہ بخاری کی روایت ہے اور دونوں کی ایک روایت میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

علیہ وسلم دعا بانائہ من ماء فاتی بقدح رحراح فیہ شیء من ماء فوضع

نے پانی کا برتن منگوایا پس ایسا برتن لایا گیا جس میں تھوڑا سا پانی تھا حاضر کیا گیا۔

توضأ اصابعه فيه قال انس فجعلت انظر الى الماء ينبع من بين اصابعه
رسول اللہ صلعم نے اپنی انگلیاں حسین مکہ میں رکھیں انس نے کہا میں پانی کی طرف دیکھتا تھا کہ انگلیوں میں سے جوش مار کر نکلتا تھا

فحزرت من توضأ ما بين السبعين الى الثمانين وعن عبد الله بن
پھر جتنے وضو کرنے والوں کو دیکھا تو ستر سے اسی تک کے درمیان تھے اور روایت ہے عبداللہ بن

زيد رضي الله عنه قال اتانا النبي صلى الله عليه وسلم فاخرجنا له ماء
زید رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلعم ہمارے ہاں تشریف لائے ہمنے آپکے لیے

في تور من صفر فتوضأ رواه البخاري الصفر بضم الصاد ويجوز كسرها
ایک کٹورے میں پانی نکالا اس سے آپنے وضو کیا روایت کیا بخاری نے۔ صفر ساتھ ضمہ صاد کے اور جائز ہے کسرہ اسکا اور وہ

وهو النحاس والتور كالقدح وهو بالتاء المثناة من فوق وعن جابر
ایک قسم کا پیتل ہے اور تور قدح کیطرح ہے اور وہ ساتھ تاء دو نقطے والے کے ہے اوپر کی جانب سے۔ اور جابر

رضي الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم دخل على رجل من الانصار
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم ایک انصاری کے گھر تشریف لائے اور آپکے

ومعه صاحب له فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان كان عندك
ساتھ ایک یار تھا رسول اللہ صلعم نے اس انصاری کو فرمایا اگر تیرے

ماء بات هذه الليلة في شنة والا كرعنا رواه البخاري الشن القربة
مشکیزہ میں رات کا باسی پانی ہے تو دے ورنہ ہم موجود ہو کر پی لینگے۔ روایت کی یہ بخاری نے شن مشکیزہ کو کہتے ہیں

وعن حذيفة رضي الله عنه قال ان النبي صلى الله عليه وسلم نهانا
اور روایت ہے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو

عن الحرير والديباج والشرب في انية الذهب والفضة وقال هي
ریشم اور دیبا پہننے سے اور سونے چاندی کے برتن میں پینے سے منع فرمایا اور فرمایا کہ یہ چیزیں

لهم في الدنيا وهي لكم في الاخرة متفق عليه وعن ام سلمة رضي الله
دنیا میں انکے لئے ہیں اور ہمارے لئے آخرت میں مہیا کئے ہیں متفق علیہ اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے

عنها ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الذي يشرب في انية الذهب
کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جو شخص سونے

والفضة انما يجرجر في بطنه نار جهنم متفق عليه وفي رواية لمسلم ان
چاندی کے برتن میں پیتا ہے اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ ڈالتا ہے یعنی متفق علیہ اور مسلم کی روایت ہے کہ

الَّذِی یَاکُلُ اَوْ یَشْرَبُ فِی اٰنِیَۃِ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ وَفِی رِوَایَۃٍ لَہٗ مَنْ شَرِبَ

کہ جو شخص سونے یا چاندی کے برتن میں کھائے یا پیوے۔ اور اسکی ایک روایت میں ہے کہ جو شخص

فِی اِنَاءٍ مِنْ ذَھَبٍ اَوْ فِضَّۃٍ فَاِنَّمَا یُجَرْجِرُ فِی بَطْنِہٖ نَارًا مِّنْ جَھَنَّمَ

سونے یا چاندی کے برتن میں پیوے تو سوا اسکے نہیں کہ اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ ڈھونک ڈھونک کر بھرتی

اَلْبَابُ الرَّابِعُ بَعْدَ الْمِائَۃِ فِی کِتَابِ اللِّبَاسِ وَفِیْہِ اَبْوَابٌ

باب چوتھا ایکسو چار لباس کے بیان میں اور اسمیں کئی باب ہیں

بَابٌ فِی اسْتِحْبَابِ الثَّوْبِ الْاَبْیَضِ وَجَوَازِ الْاَحْمَرِ وَالْاَخْضَرِ وَالْاَصْفَرِ

باب سفید کپڑا پہننے کے استحباب کے بیان میں اور سرخ اور سبز اور زرد

وَالْاَسْوَدِ وَجَوَازِہٖ مِنْ قُطْنٍ وَّکَتَّانٍ وَّشَعْرٍ وَّصُوْفٍ وَّغَیْرِھَا اِلَّا الْحَرِیْرَ

اور سیاہ کپڑے کے جواز میں اور روئی اور کتان اور بال اور اون وغیرہا کی چیز کے سوا کے جائز ہونے کے بیان میں

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِکُمْ وَ

کہا اللہ تعالیٰ نے اے اولاد آدم کی ہمنے اتاری واسطے تمہارے کپڑا کہ چھپاوے تمہارے بھید اور

رِیْشًا وَلِبَاسُ التَّقْوٰی ذٰلِکَ خَیْرٌ وَقَالَ تَعَالٰی وَجَعَلَ لَکُمْ سَرَابِیْلَ تَقِیْکُمُ الْحَرَّ

روغن اور کپڑا جو بہتر ہے کہ ہیزگاری کا سو بہتر ہے۔ فرمایا اور بنا دیے تمکو کرتے جو بچاویں

وَسَرَابِیْلَ تَقِیْکُمْ بَاْسَکُمْ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَنَّ رَسُوْلَ

اور کرتے جو بچاویں لڑائی کے اور ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَسُوْا مِنْ ثِیَابِکُمُ الْبَیَاضَ فَاِنَّھَا مِنْ خَیْرِ

اللہ صلعم نے فرمایا کہ تم سفید کپڑوں کو اپنا لباس بناؤ کہ بہتر ہے

ثِیَابِکُمْ وَکَفِّنُوْا فِیْھَا مَوْتَاکُمْ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ حَدِیْثٌ

کپڑوں میں سے اور ان سے اپنا مردوں کو کفن دیا کرو۔ روایت کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے اور کہا حدیث

حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَعَنْ سَمُرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حسن صحیح ہے۔ اور سمرہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلْبَسُوا الْبَیَاضَ فَاِنَّھَا اَطْھَرُ وَاَطْیَبُ وَکَفِّنُوْا فِیْھَا مَوْتَاکُمْ رَوَاہُ

علیہ وسلم تم سفید لباس پہنو کہ وہ پاکیزہ اور ستھرا ہے اور اسی میں مردوں کو کفن دیا کرو روایت کی یہ

النَّسَائِیُّ وَالْحَاکِمُ وَقَالَ اِسْنَادُہٗ صَحِیْحٌ وَعَنِ الْبَرَاءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

نسائی اور حاکم نے اور کہا اسکی سند صحیح ہے اور روایت ہے براء رضہ سے

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ربوعا وقد رأيته في حلة حمراء

کہا کہ رسول اللہ صلعم میانہ قد تھے اور بیٹھے دیکھا آپکو سرخ جوڑے میں

فما رأيت شيئا قط احسن منه متفق عليه وعن ابي جحيفة وهب بن

نہیں دیکھی میں نے کوئی چیز کبھی اس حضرت سے بہتر۔ متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابو جحیفہ وہب بن عبد اللہ رض سے

عبد الله رضي الله عنه قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم بمكة وهو

کہ رسول اللہ صلعم کو بیٹھے مکہ میں ابطح میں سرخ خیمہ جس چمڑے سے بنا ہو اٹھا دیکھا

بالابطح في قبة له حمراء من ادم فخرج بلال بوضوءه فمن نائح وبائل

دیکھا کہ بلال وضو کا پانی لایا۔ پس لیجانے انہیں سے وضو کا فضل کوئی اوپر پھینکتے تھے اور لیجانے اوروں کو ہاتھوں کو پانی کی طراوت لیکر پوچھ رہے ہیں

فخرج النبي صلى الله عليه وسلم وعليه حلة حمراء كاني انظر الى بياض ساقيه

کو نکلا نبی۔ پس رسول اللہ صلعم سرخ جوڑا پہنکر نکلے کویا میں اپنی دونوں ساق کی سفیدی کو دیکھتا ہوں پس

فتوضا وادن بلال فجعلت اتتبع فاه ههنا وههنا يقول يمينا وشمالا حي على

آپنے وضو کیا اور بلال نے آذان کہی میں انکے منہ کو ادھر ادھر داہنے بائیں حی علی الصلاۃ

الصلوة حي على الفلاح ثم ركزت له عنزة فتقدم فصلى يمر بين يديه

حی علی الفلاح کہنے میں پھیرتا ہوا دیکھتا تھا۔ پھر آپکے لئے نیزہ گاڑا گیا آپنے آگے بڑھکر نماز پڑھی اور

الكلب والحمار لا يمنع متفق عليه العنزة بفتح النون نحو العكازة وعن

کتا اور گدھا آپکے آگے گذرتے تھے کوئی انکو منع نہیں کرتا متفق علیہ۔ عنزہ ساٹھ انگوٹھوں کے مانند ہے پچھے کے

ابي رمثة رفاعة التميمي رضي الله عنه قال رأيت رسول الله صلى الله

راویت ہے ابو رمثہ رفاعہ تیمی رض سے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا او۔

عليه وسلم وعليه ثوبان اخضران واه ابو داود والترمذي باسناد صحيح

اس وقت آپ پر دو کپڑے سبز رنگ کے تھے روایت کی ابو داؤد اور ترمذی نے ساتھ اسناد صحیح کے

وعن جابر رضي الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم دخل يوم

اور جابر رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

فتح مكة وعليه عمامة سوداء رواه مسلم وعن ابي سعيد عمرو بن حريث

فتح مکہ کے دن مکہ میں آئے اور آپکے سر مبارک پر سیاہ دستار تھی روایت کی اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے ابو سعید عمرو بن حریث

رضي الله عنه قال كاني انظر الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وعليه

رض سے کہا کہ میں دیکھتا ہوں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

عِمَامَةٌ لَهُ سَوْدَاءُ وَقَدْ أَرْخَى طَرَفَيْهَا بَيْنَ كَتِفَيْهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ

جب آپکے سر مبارک پر سیاہ پگڑی تھی اور آپ نے دونوں کنارے آپکے کندھوں کے درمیان لٹکے ہوئے تھے روایت کی یہ مسلم نے اور اسکی ایک روایت میں ہے

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ وَعَنْ

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ سنایا اور آپکے سر مبارک پر سیاہ پگڑی تھی اور روایت ہے

عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلٰثَةِ

عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین کپڑے

أَثْوَابٍ بِيضٍ سَحُولِيَّةٍ مِنْ كُرْسُفٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

سفید رنگ سحول میں کہ روئی سے بنے ہوئے تھے کفن دیئے گئے تھے انمیں کرتہ اور پگڑی نہ تھی متفق علیہ

اَلسَّحُولِيَّةُ بِفَتْحِ السِّينِ وَضَمِّهَا وَضَمِّ الْحَاءِ الْمُهْمَلَتَيْنِ يُنْسَبُ إِلَى سَحُولَ قَرْيَةٍ

سحولیہ ساتھ فتحہ سین اور ضمہ اسکے کے اور ضمہ حا بہملتین کے منسوب ہے طرف سحول کے ایک گاؤں ہے

بِالْيَمَنِ وَالْكُرْسُفُ الْقُطْنُ وَعَنْهَا قَالَتْ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ

یمن میں اور کرسف روئی ہے اور اسی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک صبح کو

وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعْرٍ أَسْوَدَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اَلْمِرْطُ بِكَسْرِ الْمِيمِ وَهِيَ لِسَاءٍ وَالْمِرْ

نکلے اور آپ پر ایک کملی سیاہ بالوں سے بنا ہوا تھا مرط بکسر میم کے اور مرحل بالحاء المہملۃ اور روایت ہے

بِالْحَاءِ الْمُهْمَلَةِ هُوَ الَّذِي فِيهِ صُوَرُ رِحَالِ الْإِبِلِ وَهِيَ الْأَكْوَارُ وَعَنِ الْمُغِيرَةِ

جسمیں اونٹ کے زین کی صورتیں بنی تھیں اور زین کو ارحال اور روایت ہے مغیرہ بن

بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ

شعبہ رضی اللہ عنہ کہا کہ تھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رات

لَيْلَةٍ فِي مَسِيرَةٍ فَقَالَ لِي أَمَعَكَ مَاءٌ قُلْتُ نَعَمْ فَنَزَلَ عَنْ رَاحِلَتِهِ فَمَشَى حَتّٰى

ایک سفر میں آپ نے فرمایا تیرے پاس کچھ پانی ہے میں نے عرض کی ہاں ہے آپ اونٹ سے اترے اور

تَوَارٰى فِي سَوَادِ اللَّيْلِ ثُمَّ جَاءَ فَأَفْرَغْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْإِدَاوَةِ فَغَسَلَ وَجْهَهُ

رات کی اندھیری میں اوجھل ہو گئے کہ آنکھ کسی کو نہ دیکھ سکے پھر تشریف لائے میں آپ پر پانی ڈالا آپنے منہ دھویا

وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ مِنْ صُوفٍ فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يُخْرِجَ ذِرَاعَيْهِ مِنْهَا حَتّٰى أَخْرَجَهُمَا

اور اپنے اوپر کا جبہ آپ سے آستینوں سے ہاتھ نہ نکال سکتے تھے تنگ ہونے کے

مِنْ أَسْفَلِ الْجُبَّةِ فَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ ثُمَّ أَهْوَيْتُ لِأَنْزِعَ خُفَّيْهِ

نیچے سے آخر ہاتھ نکالکر ہاتھ دھوئے اور سر کا مسح کیا پھر میں آپکے موزے اتارنے کے لئے جھکا

فَقَالَ كَذَبْتُمَا فَإِنِّي أَدْخَلْتُهُمَا طَاهِرَتَيْنِ وَمَسَحَ عَلَيْهِمَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي

آپ نے فرمایا جھوٹ کہتے ہو میں نے جب پہنائے تھے پاک تھے آپ نے اوپر مسح کیا متفق علیہ اور ایک

رِوَايَةٍ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَّةٌ ضَيِّقَةُ الْكُمَّيْنِ وَفِي رِوَايَةٍ أَمَّا هٰذِهِ الْقِصَّةُ

روایت میں ہے اور آپ پر جبہ شامی تنگ آستین والا تھا اور ایک روایت میں ہے کہ یہ معاملہ

كَانَتْ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ بَابُ اسْتِحْبَابِ الْقَمِيصِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

غزوہ تبوک میں تھا باب کرتا پہننے کے مستحب ہونے میں روایت ہے ام سلمہ رضہ سے

عَنْهَا قَالَتْ كَانَ أَحَبُّ الثِّيَابِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَمِيصُ

کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو تمام کپڑوں سے کرتا محبوب تھا

رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَدِيثٌ حَسَنٌ بَابُ صِفَةِ طُولِ

روایت کی اس کو ابوداؤد و ترمذی نے اور کہا حدیث حسن ہے باب کرتہ

الْقَمِيصِ وَالْكُمِّ وَالْإِزَارِ وَطَرَفِ الْعِمَامَةِ وَتَحْرِيمِ إِسْبَالِ شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ

اور آستین اور پہنچہ اور دستار کے کنارہ کی درازی کے بیان میں اور ان میں سے کسی کو

عَلَى سَبِيلِ الْخُيَلَاءِ وَكَرَاهَتِهِ مِنْ غَيْرِ خُيَلَاءَ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ الْأَنْصَارِيَّةِ

تکبر کی وجہ سے لٹکانے کی تحریم اور بلا تکبر لٹکانے کی کراہت کے بیان میں روایت ہے اسماء بنت یزید انصاریہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ كُمُّ قَمِيصِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى

رضہ سے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کرتہ کی آستین

الرُّسْغِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَدِيثٌ حَسَنٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ

پہنچہ تک تھی روایت کی اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے اور کہا حدیث حسن ہے اور ابن عمر رضہ سے روایت ہے

اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ

کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جو شخص تکبر اور غرور سے اپنا کپڑا گھسیٹتا کرے قیامت کے دن

اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ لَهُ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ

خدا اس کی طرف نظر رحمت نہ کریگا ابوبکر رضہ نے کہا یا رسول اللہ

إِزَارِي يَسْتَرْخِي إِلَّا أَنْ أَتَعَاهَدَهُ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

میرا تہبند ڈھیلا ہو کر لٹک جاتا ہے مگر یہ کہ اسکا خیال رکھوں آپ نے فرمایا

وَسَلَّمَ إِنَّكَ لَسْتَ مِمَّنْ يَفْعَلُهُ خُيَلَاءَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَى مُسْلِمٌ بَعْضَهُ وَعَنْ

تو ان میں سے نہیں جو تکبر سے یہ کام کیا کرتے ہیں روایت کی اس کو بخاری نے اور مسلم نے بعض اس روایت کو ہے اور

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَنْظُرُ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ قیامت کے دن

اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِلٰی مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی

خدا تعالیٰ اس شخص کی طرف رحمت کی نظر نہ کریگا جو اپنا ازار کبر و غرور سے لٹکا کر چلتا ہو متفق علیہ اور اسی کو روایت کیا ہے بخاری نے

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَیْنِ مِنَ الْاِزَارِ فَفِی النَّارِ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ

اللہ علیہ وسلم نے کہ آپ نے فرمایا جو ازار ٹخنوں سے نیچے ہو وہ آگ میں ہے ۔ متفق روایت کی یہ بخاری نے اور ابوذر رضؓ

وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ لَّا

سے روایت ہے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ تین شخص ہیں

یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَلَا یَنْظُرُ اِلَیْهِمْ وَلَا یُزَكِّیْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ

جن سے خدا کلام نہ کریگا قیامت کے دن اور نہ انکی طرف رحمت کی نظر سے دیکھیگا اور انکو گناہوں سے پاک نہ کریگا اور انکو عذاب دردناک ہے

قَالَ فَقَرَاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَ مِرَارٍ قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ خَابُوْا وَ

ابوذر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے اسکو تین بار پڑھا ۔ ابوذر نے کہا وہ نامراد ہوئے اور ابوذر رضؓ

خَسِرُوْا مَنْ هُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْمُسْبِلُ وَالْمَنَّانُ وَالْمُنْفِقُ سِلْعَتَهٗ

ہلاک ہوگیا ۔ پڑا کون ہیں وہ لوگ یا رسول اللہ حضرت صلعم نے فرمایا ایک ازار لٹکانیوالا دوسرا احسان جتلانے والا تیسرا جھوٹی

بِالْحَلْفِ الْكَاذِبِ فِیْ رِوَایَةٍ لَهٗ اَلْمُسْبِلُ اِزَارَهٗ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ

قسم کی گرم بازاری کرنے والا ۔ پھر بھی صلعم کہا کرتے ۔ روایت کی یہ مسلم نے اور ابن عمر رضؓ سے روایت ہے

عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِسْبَالُ فِی الْاِزَارِ وَالْقَمِیْصِ وَالْعِمَامَةِ مَنْ

کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ لٹکانا ازار اور کرتہ اور پگڑی میں ہے جو شخص

جَرَّ شَیْئًا خُیَلَاءَ لَمْ یَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَیْهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ

تکبر سے لٹکائے قیامت کو خدا تعالیٰ اسکی طرف نظر رحمت کی نہ کریگا ۔ روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے اسناد

بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ وَعَنْ اَبِیْ جُرَیٍّ جَابِرِ بْنِ سُلَیْمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَاَیْتُ رَجُلًا

صحیح سے ۔ اور روایت ہے ابوجری جابر بن سلیم رضؓ سے کہا کہ میں نے ایک آدمی کو دیکھا کہ لوگ

یَّصْدُرُ النَّاسُ عَنْ رَاْیِهٖ لَا یَقُوْلُ شَیْئًا اِلَّا صَدَرُوْا عَنْهُ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا

اسکی رائے کیطرف پھر جاتے ہیں اور اسکی رائے کو صواب سمجھتے ہیں اور اسپر عمل کرتے ہیں میں نے کہا یہ کون ہے لوگوں نے کہا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ عَلَیْكَ السَّلَامُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَرَّتَیْنِ قَالَ

اللہ کا رسول ہے میں نے دوبارہ کہا علیک السلام یا رسول اللہ آپنے فرمایا

لا تقل عليك السلام عليك السلام تحية الموتى قل السلام عليك قال قلت انت

علیک السلام مت کہہ کہ علیک السلام مرے ہوؤں کا سلام ہے السلام علیک کہا کرتا ہے بیان کرتا ہے

رسول الله قال نا رسول الله الرجل اذا اصابك ضر فدعوته كشف عنك واذا اصابك

کہ بیٹھے کہا آپ اللہ کے رسول ہیں فرمایا ہیں اس اللہ کا رسول ہوں کہ جب کبھی تجھ پر مشکل آ پڑے

عام سنة فدعوته انبتت لك واذا كنت بارض قفر او فلاة فضلت راحلتك فدعوته

اور تو اس سے دعا مانگے تو وہ تیرے لئے کھاس اگا دے اور جب کسی جنگل میں تیرا اونٹ کھو جائے اور تو اس سے دعا مانگے

ردها عليك قال قلت اعهد الي قال لا تسبن احدا قال فما سببت

وہ اسکو تیرے لئے واپس کر دے بیان کرتا ہے کہ میں نے عرض کی کہ آپ مجھے نصیحت کریں آپ نے فرمایا تو کسی کو گالی نہ دے کہا اسکے بعد میں نے کسی

بعده حرا ولا عبدا ولا بعيرا ولا شاة ولا تحقرن من المعروف شيئا ولو

کسی آزاد اور غلام اور اونٹ اور بکری کو کبھی گالی نہیں دی۔ اور کسی نیکی کو حقیر مت سمجھ اور

ان تكلم اخاك وانت منبسط اليه وهلك ان ذلك من المعروف وارفع

تو اپنے بھائی سے گشادہ روئی سے کلام کرے یہ بھی نیکی ہے اور

ازارك الى نصف الساق فان ابيت فالى الكعبين فان ابيت فاسبال الازار فان

اپنا ازار نصف پنڈلی تک رکھا کر اگر تو یہ نہ کرے تو دونوں ٹخنوں تک کرے اور ازار لٹکانے سے احتراز کر

ايا من الخيلة وان الله لا يحب الخيلة وان امرؤ شتمك وعيرك بما يعلم فيك فلا تعيره

کہ یہ غرور سے ہوا کرتا ہے اور اللہ تکبر کو خوش نہیں کرتا اور اگر کوئی آدمی تجھے گالی دے اور تیرا عیب جو کہ معلوم ہو اس سے تجھ کو عار دلائے

بما تعلم فيه فانما وباله عليه رواه ابو داود والترمذي بالاسناد الصحيح قال

اسکو عیب مت کر کہ اس کا وبال اسی پر ہوگا۔ روایت کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے اسناد صحیح سے اور

الترمذي حديث حسن صحيح وعن ابي هريرة رضي الله عنه قال بينما

ترمذی نے کہا حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ رضی سے کہا کہ

رجل يصلي مسبل ازاره قال له رسول الله صلى الله عليه وسلم اذهب فتوضأ

ایک شخص نماز پڑھ رہا تھا تہبند لٹکائے ہوئے رسول اللہ صلعم نے اسکو فرمایا جا وضو کر

فذهب فتوضأ ثم جاء فقال اذهب فتوضأ فقال له رجل يا رسول الله

اسنے جاکر وضو کیا پھر آیا پھر فرمایا جا وضو کر ایک آدمی نے کہا یا رسول اللہ

مالك امرته ان يتوضأ ثم سكت عنه قال انه كان يصلي وهو مسبل

کیا سبب کہ آپ نے اسکو وضو کرنیکا امر کیا پھر آپ خاموش ہو رہے آپ نے فرمایا وہ تہبند لٹکائے ہوئے نماز پڑھ

أزاره وإن الله لا يقبل صلوة رجل مسبل رواه ابوداود وباسناد صحيح على
پڑھ رہا تھا اور اللہ تم تہبند لٹکانے والے کی نماز قبول نہیں کرتا۔ اسے ابوداؤد نے اسناد صحیح سے مسلم کی
شرط مسلم وعن قيس بن بشير التغلبي قال اخبرني ابي وكان جليسا
شرط پر اور روایت کی قیس بن بشیر تغلبی سے کہ اسے اپنے باپ ابوالدرداء کے پاس بیٹھا کرتا تھا
لابي الدرداء قال كان بدمشق رجل من اصحاب رسول الله صلى الله عليه
اس نے کہا مجھے خبر دی ہے کہ دمشق میں ایک رسول اللہ صلعم کے اصحاب میں سے ایک شخص تھا
وسلم يقال له ابن الحنظلية وكان رجلا متوحدا قلما يجالس الناس
اور اسکو ابن الحنظلیہ کہا جاتا ہے اور وہ آدمی تنہا بیٹھنے والا لوگوں سے بہت ہی کم مجالست کیا کرتا تھا
انتابه وصلوة فاذا فرغ فانما هو تسبيح وتكبير حتى يأتي اهله قال فمر
وہ نماز میں رہا کرتا تھا جب نماز سے فارغ ہوتا تو تسبیح و تکبیر میں مشغول رہا کرتا تھا یہاں تک کہ اپنے گھر کے لوگوں میں آتا۔ ہم ابوالدرداء کے پاس بیٹھے
ونحن عند ابي الدرداء فقال له ابو الدرداء كلمة تنفعنا ولا تضرك قال نعم
کہ وہ شخص ہمارے پاس سے گذرا ابوالدرداء نے اسکو کہا کہ ہم تجھ سے ایسی بات چاہتے ہیں کہ ہمکو نفع کرے اور تجھے ضرر نہ دے اس نے کہا ہاں
رسول الله صلى الله عليه وسلم سرية فقدمت فجاء رجل منهم فجلس في المجلس الذي
علیہ وسلم نے ایک سریہ ارسال فرمایا جب وہ واپس آئے تو ایک آدمی انہیں سے اس مجلس میں آ بیٹھا جہاں
يجلس فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الرجل الى جنبه لو رأيتنا حين
رسول اللہ صلعم جلوس فرماتے تھے اور جو شخص اسکے پہلو میں بیٹھا تھا اسکو کہنے لگا کہ جب
التقينا نحن والعدو فحمل فلان فطعن فقال خذها مني وانا الغلام
ہم دشمن سے سینہ بسینہ ہوئے اگر تو ہم کو اسوقت دیکھتا فلانے شخص نے نیزہ چلایا اور کہا لے مجھ سے میں
الغفاري كيف تري في قوله فقال ما اراه الا قد بطل اجره فسمع بذلك
غفاری لڑکا ہوں تو اسکے اس قول میں کیا کہتا ہے اسنے کہا میں تو یہی جانتا ہوں کہ اسکا اجر باطل ہوا
اخر فقال ما اري بذلك باسا فتنازعا حتى سمع رسول الله صلى الله عليه
